بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
کوئٹہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE: 0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | جمعرات 24 ستمبر 2026 | 09 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 187

پاکستان اپنے بحری انفراسٹرکچر کو جدید بنانے کیلئے بھی اقدام کر رہا ہے

آصف علی زرداری

پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کے مطابق بحری سلامتی، تحفظ اور ضابطہ کاری کی نگرانی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پر عزم ہے، موجودہ علاقائی کشیدگی کے دوران ہمارے سمندری جہاز رانوں اور بحری عملے نے ایک بار پھر مشکل حالات میں فرائض سے بڑھ کر خدمات انجام دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے

ڈیجیٹلائزیشن کے ساتھ ساتھ ہمیں ماحولیاتی تحفظ کو مزید تقویت دینے اور اپنی بندرگاہوں اور بحری افرادی قوت کو ماحول دوست جہاز رانی کی جانب منتقلی کے لیے تیار کرنا ہوگا، ورلڈ میری ٹائم دے کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کے مطابق بحری سلامتی، تحفظ اور ضابطہ کاری کی نگرانی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پر عزم ہے، موجودہ علاقائی کشیدگی کے دوران ہمارے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نارووال، وفاقی وزیر احسن اقبال گوجرانوالہ تعلیمی بورڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں و کشمیر کا کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

نیویارک (این این آئی) او آئی سی رابطہ گروپ

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نئے صوبوں کے قیام کی حمایت، 76 فیصد نوجوانوں نے رائے دیدی

پنجاب میں 79 فیصد، خیبر پختونخوا میں 75 فیصد اور بلوچستان میں 71 فیصد نوجوان نئے صوبوں کے حق میں، سندھ میں 59 فیصد حمایت

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے چاروں صوبوں، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ایک مطالعاتی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے

عطاء تارڑ

پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا

خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں، جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے، کارکنوں سے گفتگو

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا، خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں، جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے، انشاء اللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام و نشان تک باقی نہیں رہے گا۔ گزشتہ روز یونیورسٹی ٹاؤن پشاور میں

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کا عالمی یوم بحری امور پر محفوظ اور ماحول دوست بحری شعبے کے عزم کا اعادہ

حکومت کا پختہ عزم ہے کہ ملکی بحری صلاحیتوں کو پائیدار معاشی اور قومی ترقی و خوشحالی میں تبدیل کیا جائے، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عالمی یوم بحری امور کے موقع پر اپنے پیغام میں محفوظ، فعال، پُر امن اور ماحول دوست بحری نقل و حمل کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بحری ذرائع پاکستان کی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

او آئی سی مسئلہ کشمیر کو عالمی ایجنڈے پر سرفہرست رکھے

اسحاق ڈار

جموں و کشمیر کا تنازع تقریباً 8 دہائیوں سے حل طلب ہے، پائیدار حل مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہی ممکن ہے

سندھ طاس معاہدہ ایک پابند بین الاقوامی معاہدہ ہے اور اس میں کسی فریق کو یکطرفہ طور پر معاہدہ معطل کرنے کی اجازت نہیں دی گئی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کا او آئی سی رابطہ گروپ سے خطاب

نیویارک (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ جموں و کشمیر کا تنازع تقریباً 8 دہائیوں سے حل طلب ہے اور اس کا پائیدار حل مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہی ممکن ہے، سندھ طاس معاہدہ ایک پابند بین الاقوامی معاہدہ ہے اور اس میں کسی فریق کو یکطرفہ طور پر معاہدہ معطل کرنے کی اجازت نہیں

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے سائیڈ لائنز گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس سے ملاقات کر رہے ہیں

افغان طالبان کی پاکستان میں حملے کی کوشش ناکام

پاک فوج نے 8 ڈرون تباہ کر دیے

کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ، پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب، دشمن کی توپیں خاموش کرا دیں، دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، محسن نقوی

دہشت گردوں نے کنگ وادی میں سیکیورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کی تھی، قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشنز پوری قوت سے جاری ہیں اور جاری رہیں گے

کرم / پشاور / مستونگ / تربت / راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) افواج پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے مبینہ طور پر ڈرونز کے ذریعے انتہائی حدود کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنا دی، پاکستانی حدود میں داخل ہونے والے 8 ڈرونز مار گرائے گئے، کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ کی گئی تاہم پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کرا دیں۔ ذرائع کے مطابق 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں میں گرائے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ یہ دراندازی افغان طالبان رجیم کی دہشت گردوں کی براہ راست معاونت اور سرپرستی کا ثبوت ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات افواج پاکستان نے کرم سیکٹر میں افغان طالبان رجیم کے مورچوں اور ٹھکانوں کو بھی تباہ کیا گیا تھا۔ قبل ازیں سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ناکامی کے بعد کرم سیکٹر

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پشتون کلچر ڈے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کی پشتون برادری کو مبارکباد

پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا اہم اور خوبصورت حصہ ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے تمام پشتون برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا اہم اور خوبصورت حصہ ہے پشتون ثقافت میں مہمان

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پشتون ثقافت پاکستان کی قومی شناخت کا خوبصورت حصہ ہے، بلاول بھٹو

ہر قوم، زبان اور ثقافت کو مساوی احترام اور شناخت کے اظہار کا حق حاصل ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام سمیت پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، وفاداری

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے، ترک صدر

فلسطینی عوام کے موقف کو دنیا تک پہنچانا جاری رکھیں گے، اقوام متحدہ میں فلسطین کی آواز موثر انداز میں اٹھاتے رہیں گے

نیویارک (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ ہم آزاد فلسطین کی آواز بنیں گے، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کی ضرورت ہے۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے ترک

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اقتصادی جائزہ مذاکرات کیلئے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا

مشن سٹیٹ بینک حکام سے مذاکرات کا آغاز کریگا، پہلے مرحلے میں سٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) اقتصادی جائزہ مذاکرات کیلئے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف کا مشن سٹیٹ بینک حکام سے مذاکرات کا آغاز کرے گا، پہلے مرحلے میں سٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت، اجتماعی یادداشت اور تاریخی تسلسل کی علامت ہوتی ہے، گورنر بلوچستان

ہم اپنی روایات کی مثبت اقدار کو نئی نسلوں تک منتقل کرتے ہوئے انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پوری پشتون قوم بالخصوص نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تاریخ سے روشنی، اپنی ثقافت سے شناخت، علم سے طاقت اور اپنے مستقبل سے امید

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آغبرگ میں پولیس چوکی پر مسلح افراد کا حملہ جوابی کارروائی میں 5 حملہ آور ہلاک

کوئٹہ (یو این اے) آغبرگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس چوکی پر حملہ کر دیا جس پر

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ، فوج و رینجرز کی تعیناتی کیلئے وفاق کو خط لکھ دیا گیا، پشاور موٹر وے ایم ون بند

محکمہ داخلہ نے لانگ مارچ کے پیش نظر پنجاب حکومت نے 27 ستمبر سے موبائل اور انٹرنیٹ سروسز ڈاؤن گریڈ کرنے کی درخواست کر دی

لاہور / اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر پنجاب حکومت نے فوج و رینجرز کی تعیناتی کیلئے وفاق کو خط لکھ دیا ہے اور صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی جس کے تحت عوامی مقامات، شاہراہوں یا کھلی جگہ پر 5 سے زائد افراد کے اجتماع پر پابندی عائد کر دی گئی جبکہ محکمہ لانگ مارچ کے پیش نظر پنجاب حکومت نے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں شمسی توانائی کے شعبے میں نمایاں توسیع ہوئی ہے

وزیر خزانہ

ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں کے باعث عالمی توجہ توانائی کی منتقلی سے بڑھ کر توانائی کے تحفظ کے فوری چیلنج کی جانب مرکوز ہے

ادویات کی قابل استطاعت قیمتوں، تجارتی پائیداری اور فراہمی کے تسلسل کے درمیان توازن کی ضرورت ہے، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ جغرافیائی و سیاسی تنازعات اور ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں کے باعث عالمی توجہ توانائی کی منتقلی سے بڑھ کر توانائی کے تحفظ کے فوری چیلنج کی جانب مرکوز ہو گئی ہے، ادویات کی قابل استطاعت قیمتوں، تجارتی پائیداری اور فراہمی کے تسلسل کے درمیان توازن کی ضرورت ہے۔ لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ کو فعال بنانے میں سست پیش

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے بل گیٹس کی ملاقات، پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پولیو کے خاتمے، ماں و بچے کی صحت، تغذئیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ڈیجیٹلائزیشن اور مالیاتی شمولیت کے شعبوں میں پاکستان کے ساتھ گیٹس فاؤنڈیشن کے تعاون کو سراہتے ہوئے پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شہباز شریف کی بوسنیا کے صدارتی کونسل کے چیئرمین سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

سیاسی، اقتصادی، دفاعی، تعلیمی اور ثقافتی تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال

نیویارک (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر ڈینس بیچیرووچ سے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، اقتصادی، دفاعی، تعلیمی اور ثقافتی تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی و عالمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا بوسنیا و ہرزیگووینا کو یورپی اور مغربی بلقان کی منڈیوں تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی کے لیے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سپیکر قومی اسمبلی کی سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد

پاکستان کی پارلیمان اور سعودی مجلس شوریٰ کے درمیان مضبوط روابط دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کا موثر ذریعہ ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سعودی عرب کے 96ویں قومی دن پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی پارلیمان اور سعودی مجلس شوریٰ کے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایشیائی ترقیاتی بینک کا پاکستان کی معیشت پر تازہ جائزہ، مالی سال 2026 میں شرح نمو 3.7 فیصد رہی

صنعتی پیداوار میں 5.3 فیصد اضافہ، مینوفیکچرنگ شعبے کی شرح نمو 6.1 فیصد اور بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 6.0 فیصد اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کی پاکستان کی معیشت کے بارے میں تازہ جائزہ رپورٹ میں مالی سال 2026 کے دوران اقتصادی سرگرمیوں میں بہتری کی نشاندہی کرتے ہوئے شرح نمو 3.7 فیصد رہنے کا تخمینہ پیش کیا گیا

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان سیکیورٹی فورسز کی کارروائی 9 دہشتگرد ہلاک

فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کیا اور مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ ہلاک دہشتگردوں سے 3 موٹر سائیکلیں، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا

سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی کو بروقت اور موثر انداز میں ناکام بنایا۔ کارروائی کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور 3 موٹر سائیکلوں کی برآمدگی بھی اہم کامیابی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے 9 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا بتانا ہے کہ مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 9 دہشتگردوں کو ہلاک کیا، دہشتگردوں نے مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں چوکی پر حملے کی کوشش کی تھی۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا، فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کیا اور مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ ہلاک دہشتگردوں سے 3 موٹر سائیکلیں، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوا۔ کنگ وادی میں 9 دہشتگردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عالمی منڈی میں پیٹرول کی قیمتیں دو ہفتے کی کم ترین سطح پر آ گئیں

برینٹ خام تیل کے نومبر کے معاہدے کی قیمت 2.01 ڈالر کمی کے بعد 98.33 ڈالر فی بیرل ہو گئی

نیویارک (این این آئی) عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں دو ہفتے کی کم ترین سطح پر آ گئی ہیں جس کی بڑی وجہ خلیج سے تیل کی سپلائی میں بہتری کے امکانات اور آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کی امید کو قرار دیا جا رہا ہے۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق برینٹ خام

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نیویارک، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب ایبٹ کی فارماسیوٹیکلز ڈویژن نمائندے سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان کے مسائل پر وزیراعظم کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک بھر میں اخبار بینی کا قومی دن (کل) منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) ملک بھر میں اخبار بینی کا قومی دن (کل) 25 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ڈنمارک سے بڑا دفاعی معاہدہ، امریکا گرین لینڈ میں 2 نئے فوجی اڈے قائم کرے گا

امریکا مناسب مقامات پر بڑی فوجی موجودگی قائم کرنے کے عمل کا فوری آغاز کرے گا، ٹرمپ

نیویارک (این این آئی) امریکا، ڈنمارک اور گرین لینڈ نے نیا دفاعی معاہدہ طے کر لیا ہے جس کے تحت امریکا آرکٹک خطے میں واقع گرین لینڈ میں 2 نئے فوجی اڈے قائم کر سکے گا جبکہ معاہدے میں علاقے پر ڈنمارک کی خودمختاری کی بھی توثیق کی گئی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر خادم حرمین شریفین، ولی عہد اور سعودی عوام کو مبارکباد

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز السعود، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور سعودی برادر عوام کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان مملکت سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور اسلام کے مقدس ترین مقامات کی حفاظت کے لیے غیر متزلزل طور پر مملکت کے شانہ بشانہ کھڑا ہے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں مزید 5 طیارے شامل کرنے کا فیصلہ

2 بوئنگ 777 جہاز کیلئے ویٹ لیز پر لینے کی منظوری، مزید 3 طیارے ڈرائی لیز پر حاصل کیے جائیں گے، یورپ اور برطانیہ کے آپریشنز بڑھانے کا منصوبہ

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فضائی بیڑے میں اضافے اور آپریشنز کو بہتر بنانے کے لیے مزید 5 طیارے حاصل کرنے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے بورڈ کے اجلاس

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور IMF مذاکرات شروع 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان

پاکستان نے زرمبادلہ ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کر لیا، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع

پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات بدھ سے شروع ہو گئے ہیں جس کی کامیابی پر 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت اقتصادی جائزے کے لیے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا، قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے مذاکرات 2 ہفتے جاری رہیں گے اور کامیابی کی صورت میں پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر ملنے کا

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سیکیورٹی فورسز کا مستونگ میں فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، شاہد رند

دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی محتسب کی مداخلت سے پاکستان ریلوے نے سرگودھا اور ملتان کے درمیان سانڈل ایکسپریس بحال کر دی

ملتان اور سرگودھا کے درمیان سینکڑوں قصبوں اور دیہات کے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی مداخلت سے پاکستان ریلوے نے سرگودھا اور ملتان کے درمیان چلنے والی ریلوے ٹرین سانڈل ایکسپریس طویل عرصے کے بعد دوبارہ بحال کر دی ہے جس سے علاقے کے لاکھوں عوام کو فائدہ

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت اجلاس، وزیراعظم فیول سبسڈی پروگرام کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے اثرات عام اور مستحق شہریوں تک پہنچانا انتہائی ضروری ہیں، وزیر مملکت کی ہدایت

جہلم (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت ڈی سی آفس جہلم میں وزیراعظم فیول سبسڈی پروگرام کے تحت عوامی ریلیف کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اور خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سید یوسف رضا گیلانی سرکاری دورے پر بیلاروس چلے گئے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سرکاری دورے پر بیلاروس چلے گئے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق یہ دورہ کونسل آف دی ریپبلک آف بیلاروس کی چیئرپرسن نتالیہ کوچانووا کی دعوت پر کیا جا رہا ہے۔ دورے کا مقصد پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور پارلیمانی تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ پاکستان اور بیلاروس کے تعلقات

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مسلسل اصلاحات اور مضبوط ذخائر پاکستان کے معاشی منظرنامے کو سہارا دے رہے ہیں، ایشیائی ترقیاتی بینک

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کی معاشی صورتحال پر رپورٹ جاری، معاشی شرح نمو 2026 میں 3.3 فیصد رہنے کی پیشگوئی برقرار

منیلا / اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ مسلسل اصلاحات اور مضبوط ذخائر پاکستان کے معاشی منظرنامے کو سہارا دے رہے ہیں۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کی معاشی صورتحال پر رپورٹ جاری کر دی جس میں

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بجلی چوری کی نشاندہی اور نقصانات میں کمی کے لیے تمام ڈسکوز کے تکنیکی آڈٹ کا فیصلہ

انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کو تکنیکی معاونت فراہم کرنے اور شفاف و قابل اعتماد طریقہ کار کے تحت آڈٹ کرانے کی ذمہ داری سونپ دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) بجلی چوری کی نشاندہی اور نقصانات میں کمی کے لیے تمام ڈسکوز کے تکنیکی آڈٹ کا فیصلہ کر لیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے وزیراعظم کی ہدایت پر ڈسکوز میں بے ضابطگیوں اور بجلی چوری سے متعلق قائم کمیٹی کے اجلاس کی مشترکہ اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ اور وفاقی وزیر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی بنیادی روح اور اصول بدستور برقرار ہیں، سردار مسعود خان

حوثی حملوں کے باعث پیدا ہونے والے پیچیدہ سکیورٹی اور سفارتی چیلنجز کے باوجود یہ اتحاد خطرے میں نہیں ہے

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی بنیادی روح اور اصول بدستور برقرار ہیں اور حوثی حملوں کے باعث پیدا ہونے والے پیچیدہ سکیورٹی اور سفارتی چیلنجز کے باوجود یہ اتحاد خطرے میں نہیں ہے۔ الجزیرہ عربی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ ایران کیخلاف دھمکی آمیز بیانات دینا بند کریں، امریکی سینیٹر

ایرانی عوام کو تباہ کرنے کی بات کرنا جنگی جرم اور بربریت کے مترادف ہے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹر برنی سینڈرز نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر زور دیا ہے کہ وہ ایران کے خلاف دھمکی آمیز بیانات دینا بند کریں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سینیٹر کا کہنا تھا کہ ایرانی عوام کو تباہ کرنے کی بات کرنا جنگی جرم اور بربریت کے مترادف ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکا کو خود کو اس کارروائی سے بھی وابستہ نہیں کرنا

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ، بلاول بھٹو کی مذمت

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیکیورٹی پر مامور 2 پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے شہید پولیس اہلکاروں عبدالرؤف اور محمد یاسر کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں اہلکاروں نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جان

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کی اقوام متحدہ میں تقریر امریکا کی اسٹریٹیجک شکست کی نشاندہی کرتی ہے، ایران

امریکا نے شکست کی تلافی کیلئے عالمی اقتصادیات کو یرغمال بنا رکھا ہے، ٹرمپ کے جنرل اسمبلی سے خطاب پر ردعمل

تہران / نیویارک (این این آئی) ایران کی مسلح افواج کی جنرل اسٹاف کمیٹی اور خاتم الانبیاء مرکزی ہیڈکوارٹر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سالانہ اجلاس سے خطاب پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹرمپ کی اقوام متحدہ میں تقریر امریکا کی اسٹریٹیجک شکست کی نشاندہی کرتی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کا قومی دن پاک سعودی برادرانہ تعلقات کی تجدید کا موقع ہے، سیدال خان ناصر

اسلام آباد (اے این این) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے مملکت سعودی عرب کے 96ویں قومی دن کے موقع پر خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، سعودی قیادت اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کا قومی دن سعودی قوم کی قومی یکجہتی، ترقی اور

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حوثیوں کو بڑا دھچکا، سرکاری فورسز نے اہم پہاڑی پر قبضہ کر لیا، 5 جنگجو ہلاک

بنی عمر کے مقامی افراد نے جبل قرن پر کنٹرول مضبوط بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا، مسلح افواج

صنعا (این این آئی) یمن کے جنوبی صوبے تعز میں حکومتی فورسز نے حوثی جنگجوؤں کے ساتھ شدید جھڑپوں کے بعد ایک اہم پہاڑی علاقے پر مکمل کنٹرول حاصل کر لیا ہے۔ ترکیہ کی خبر رساں ایجنسی کے مطابق یمنی حکومتی فورسز نے جنوبی تعز میں واقع جبل قرن پر مکمل کنٹرول قائم کیا۔ فوجی حکام کے مطابق کارروائی کے دوران فورسز کو مقامی مزاحمتی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران کو جوہری بم نہیں پر امن ایٹمی ٹیکنالوجی چاہئے، ایران

جو لوگ خود دہشت گردی کرتے ہیں، وہی ایران پر دہشت گردی کے الزامات عائد کر رہے ہیں۔ مسعود پزشکیان

ایران اپنا حق چھوڑ کر سر نہیں جھکائے گا اور ملک کو اپنے دفاع کے لیے ضروری طاقت حاصل کرنے کا حق ہے

نیویارک (م ڈ) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے امریکا اور اسرائیل پر ایران کے خلاف جنگ اور شہریوں کو نشانہ بنانے کے الزامات عائد کیے ہیں۔ خطاب کے آغاز پر ایرانی صدر نے شہید آیت اللہ خامنہ ای اور امریکی حملے میں شہید ہونے والے میناب اسکول کے بچوں کی تصاویر جنرل اسمبلی میں دکھائیں، ایرانی صدر کی تقریر کے دوران امریکی نمائندوں نے جنرل اسمبلی سے واک آؤٹ کیا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ امریکا نے جنگ کے دوران معصوم خواتین اور بچوں کو نشانہ بنایا، جبکہ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے کیک کاٹ رہے ہیں

کبھی کسی ناکامی کو اپنے سفر کے راستے کی رکاوٹ نہ بنائیں

احسن اقبال

زندگی میں کامیاب وہی ہوتا ہے جو سوچ کے مثبت زاویے اپنائے، کبھی کسی ناکامی کو اپنے سفر کے راستے کی رکاوٹ نہ بنائیں

ہمت کے ساتھ آگے بڑھتے جائیں، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کا یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نارووال میں خطاب

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ طلبہ و طالبات پاکستان کے معمار ہیں، پاکستان کا نام روشن کریں اور ٹیکنالوجی کی دنیا میں اپنے ملک کو خود کفیل بنائیں، زندگی میں کامیاب وہی ہوتا ہے جو سوچ کے مثبت زاویے اپنائے، کبھی کسی ناکامی کو اپنے سفر کے راستے کی رکاوٹ نہ بنائیں اور ہمت کے ساتھ آگے بڑھتے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نارووال کے "آپا نثار فاطمہ" آڈیٹوریم ہال میں گوجرانوالہ بورڈ کے تحت انٹرمیڈیٹ

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نوجوانوں کو اب اپنے حقوق کیلئے بیدار ہونا ہوگا، سید مصطفیٰ کمال

گزشتہ 18 سال سے کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، اس شہر اور صوبے کے نوجوانوں کو ان کا جائز حق دلانے کا وقت آ گیا ہے، رہنما ایم کیو ایم

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، اس شہر اور صوبے کے نوجوانوں کو ان کا جائز حق دلانے کا وقت آ گیا ہے۔ ہم اس ملک کے وارث ہیں اور خاموشی سے تبدیلی کا انتظار کرنے کے بجائے نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کی صورت میں اپنا حق لے کر رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیڈرل بی ایریا میں ہزاروں کی تعداد میں موجود پرجوش نوجوانوں Gen Z Gen اور (Alpha) کے عظیم الشان مجمع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سید مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ ایک وقت تھا جب کراچی پورے خطے کا معاشی لیڈر اور ترقی کا استعارہ تھا، جہاں دنیا بھر کی پروازیں اترتی تھیں۔ آج 18 سالوں میں صوبہ سندھ کے نااہل اور متعصب حکمرانوں کو این ایف سی ایوارڈ کی مد میں 22 ہزار ارب روپے ملنے کے باوجود کراچی کو دنیا کے بدترین شہروں میں تیسرے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔ ہمارے ٹیکسز، سیلز ٹیکس اور پورٹ کا پیسہ براہ راست شہر کی ترقی پر خرچ ہونے کے بجائے وزیراعلیٰ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ فوٹوگرافی اور فنون لطیفہ سے متعلق منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

چمن 4 سالہ بچی سے 60 سالہ شخص کے نکاح کرنیوالا مرکزی ملزم افغانستان فرار

بچی کے والد اور ملزم کے بھائی گرفتار، 14 سالہ بہن کے قتل سے بھی تعلق سامنے آ گیا

چمن (یو این اے) چمن میں 4 سالہ بچی سے 60 سالہ شخص کے مبینہ نکاح کے معاملے میں پولیس نے بچی کے والد اور ملزم کے بھائی کو گرفتار کر لیا، جبکہ نکاح کے مبینہ مرکزی ملزم کے افغانستان فرار ہونے کی اطلاع ہے۔ پولیس کے مطابق تحقیقات کے دوران 4 سالہ بچی کے نکاح کے معاملے کا تعلق 7 ستمبر کو قتل ہونے والی اس کی 14 سالہ بہن شکریہ بی بی کے قتل سے بھی سامنے آیا ہے۔ پولیس کے مطابق شکریہ بی بی کے شوہر کو قتل کے الزام میں پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے، جبکہ وہ 60 سالہ شخص کا بیٹا ہے جس سے 4 سالہ بچی کے مبینہ نکاح کا معاملہ سامنے آیا۔ بچی کے گرفتار والد کے مطابق اس کی 14 سالہ بیٹی شکریہ بی بی کو سسرال میں مبینہ تشدد کا سامنا تھا اور اس پر ایک اور کمسن بچی کا رشتہ دینے کے لیے بھی دباؤ ڈالا جا رہا تھا۔ والد کا کہنا ہے کہ گزشتہ ماہ 4 سالہ بچی کا رشتہ 60 سالہ صلاح الدین سے مبینہ طور پر 25 لاکھ روپے کے عوض طے کیا گیا تھا۔

بنیادی حقوق پر امن جدوجہد جاری رہے گی، غلام سرور شیرانی

شیرانی (یو این اے) ضلع ہیڈ کوارٹر شیرانی، میر علی خیل (سنگھو رانغہ) کی بحالی اور تمام سرکاری اداروں کی مکمل فعالیت کے لیے جاری پرامن دھرنا 207 ویں روز میں داخل ہو گیا۔ آل شیرانی حریقال اتحاد کے سربراہ سردار غلام سرور شیرانی نے قبائلی عمائدین اور نوجوانوں کے ہمراہ دھرنے میں شرکت کی۔ اس موقع پر سردار غلام سرور شیرانی، مولوی شمس الدین شیرانی، مولوی محمد امین شیرانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شیرانی کے عوام اپنے جائز اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے طویل عرصے سے پرامن جدوجہد کر رہے ہیں، مگر مسلسل نظرانداز اور محرومی نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اپنے حقوق کے حصول کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ مقررین نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں سے ضلع شیرانی کے عوام کو بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبوں اور روزگار کے مواقع کے حوالے سے مسلسل محرومی کا سامنا ہے۔

کوئٹہ، صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس، انتخابی عمل میں عوامی شمولیت بڑھانے پر زور

خواتین، نوجوانوں اور محروم طبقات کی ووٹر رجسٹریشن یقینی بنائی جائے گی، صوبائی الیکشن کمشنر علی اصغر سیال

کوئٹہ (یو این اے) دفتر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان، کوئٹہ میں آج صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان جناب علی اصغر سیال کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (ایڈمنسٹریشن) سید ندیم حیدر، جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشنز) عبداللہ اور دیگر متعلقہ اداروں، بشمول نادرا، لوکل گورنمنٹ، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے افتتاحی کلمات میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے کمیٹی کے کردار، فرائض اور انتخابی عمل میں عوامی شمولیت کو مؤثر بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ شرکاء نے انتخابی عمل میں زیادہ سے زیادہ عوامی شمولیت یقینی بنانے کے لیے جامع سفارشات پیش کیں۔

27 ستمبر کے سیلاب کو گرفتاریوں سے نہیں روکا جا سکتا، صادق آغا

عمران خان کی بہنوں سمیت سینکڑوں کارکنوں اور رہنماؤں کی گرفتاری قابل مذمت ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں سمیت سینکڑوں کارکنوں اور رہنماؤں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی کارکنوں کو گرفتار کر کے عوام کی آواز دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم ایسے ہتھکنڈوں سے 27 ستمبر کے عوامی سیلاب کو نہیں روکا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی کارکنوں اور رہنماؤں کی گرفتاریوں سے حالات مزید کشیدہ ہوں گے، حکومت کو طاقت کے استعمال اور گرفتاریوں کے بجائے سیاسی معاملات کو سیاسی انداز میں حل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کارکن اپنے قائد عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

نصیرآباد۔ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد و یربند لعل ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پشتون کلچر ڈے امن، محبت، رواداری اور ثقافتی ورثے کا خوبصورت اظہار ہے، بشریٰ رند

کوئٹہ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر محترمہ بشریٰ رند نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، احترام اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد شناخت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف اپنی ثقافت، زبان، روایات اور تاریخی ورثے سے وابستگی کا دن ہے بلکہ یہ نئی نسل کو اپنی تہذیبی اقدار سے روشناس کرانے کا بھی اہم موقع فراہم کرتا ہے۔

میونسپل کمیٹی وندر کے زیر اہتمام آوارہ کتوں کے خلاف مہم کا آغاز کیا گیا

وندر (یو این اے) میونسپل کمیٹی وندر نے آوارہ کتوں کے خلاف کتا مار مہم کا آغاز کر دیا۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید روجھ، چیف آفیسر عبدالبصیر خان مندوخیل، سیکریٹری حمایت اللہ راھوٹو کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ دو روز سے وندر شہر کے مختلف علاقوں، گلی محلوں اور آبادیوں میں آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی میں مصروف ہے۔ اس حوالے سے میونسپل کمیٹی وندر کے ذمہ داران کا کہنا ہے کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انہیں صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری ہے۔

اسلامی نظام کے نفاذ کے بغیر اسلام کی بالادستی ممکن نہیں، ذوالفقار طارق

سیاست کو ذاتی مفادات، گالم گلوچ اور کرپشن کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنایا جائے، رہنما اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے سی ٹی این ٹی کالونی مرکز اہل سنت میں تحریک لبیک پاکستان سبی کے سرپرست اعلیٰ حافظ نظر علی قادری رضوی علامہ غلام شبیر قادری سے ان کے بڑے بھائی حضرت علامہ مولانا قاری غلام فاروق القادری کی وفات پر اظہار تعزیت کی اور اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام مخالف سوچ اور عقیدے کو کسی بھی صورت قابل قبول نہیں کیا جا سکتا۔ جب تک اسلامی نظام کا نفاذ نہیں ہوگا، اس وقت تک اسلام کی بالادستی کا مقصد مکمل طور پر حاصل نہیں ہو سکتا۔ ملک میں اسلامی اقدار، عدل و انصاف اور انسانی خدمت کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ علماء کرام اور اسلام کو پروان چڑھانے والے افراد کو تقویت خانوں میں نہیں بلکہ دلوں اور سینوں سے لگایا جائے، انہیں عزت، تحفظ اور اپنا جائز مقام دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست کا اصل مقصد اقتدار یا ذاتی مفادات کا حصول نہیں بلکہ انسانی خدمت، عوام کی ضروریات پوری کرنا اور دکھ، تکلیف، بیماری اور مجبوری میں مبتلا افراد کی مدد کرنا تھا، لیکن افسوس کہ آج پاک صاف سیاست کو ذاتی مفادات، گالم گلوچ اور کرپشن کا مرکز بنا دیا گیا ہے۔ سیاسی اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے قومی مسائل کے حل اور عوامی خدمت کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ آج صورتحال یہ ہے کہ لاچار، مجبور اور بیمار افراد اپنے مسائل کے حل کے لیے ایم این اے اور ایم پی اے کے دروازے تک بھی نہیں پہنچ سکتے، ملاقات تو دور کی بات ہے۔ منتخب نمائندوں کی بنیادی ذمہ داری عوام کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کرنا ہے، اس لیے عوام اور نمائندوں کے درمیان بڑھتے ہوئے فاصلے کو ختم کرنا ہوگا۔

کوئٹہ، محکمہ صحت بلوچستان کا دوہری ملازمت کے کیس میں ملوث افسران کو حتمی نوٹس، جرمانہ ادا کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ صحت، حکومت بلوچستان کی جانب سے دوہری ملازمت (Dual Employment) کے کیس میں ملوث قرار دیے گئے کنٹریکچول افسران اور ملازمین کے حوالے سے حتمی نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں متعلقہ افسران پر مقررہ ریکوری اور جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ نوٹس کے مطابق متعلقہ افراد کو ہدایت کی گئی ہے کہ مقررہ رقم فوری طور پر سرکاری خزانے میں جمع کرائیں اور رسید محکمہ صحت کے متعلقہ شعبے میں جمع کروائیں۔ نوٹس میں مزید واضح کیا گیا ہے کہ مقررہ رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں معاملہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کو بھجوایا جا سکتا ہے، جہاں سرکاری واجبات کی وصولی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایڈووکیٹ امان اللہ کنرانی ملاقات کر رہے ہیں

خضدار، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کا بوائز ڈگری کالج کا دورہ، طلبہ میں کتابیں تقسیم

کیس تعلیمی نظام اور درپیش مسائل کا جائزہ، اساتذہ کے مسائل حل کرنے اور ماحول بہتر بنانے کے لیے ممکنہ اقدامات کا عزم

خضدار (یو این اے) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے بوائز ڈگری کالج خضدار کا دورہ کیا، جہاں کالج کے پرنسپل حافظ عبدالحمید لہڑی نے ڈپٹی کمشنر کو کالج کے تعلیمی نظام، مختلف شعبہ جات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نیاز اللہ سالاتی، اے ڈی سی اور ظاہر کریم بھی تھے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کے مختلف شعبہ جات اور لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا اور آئی ٹی سمیت تعلیمی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے طلبہ میں کتابیں بھی تقسیم کیں اور تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے طلبہ سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کالج کے اسٹاف روم میں پروفیسرز اور دیگر تدریسی عملے سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل اور مشکلات سنے اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کی تعلیمی سرگرمیوں اور سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی بات چیت کی۔ کالج انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کے اچانک دورے، طلبہ میں کتابوں کی تقسیم اور اساتذہ کے مسائل سننے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

شہر کو صاف ستھرا رکھنا صرف میونسپل کارپوریشن کی ذمہ داری نہیں عوام کی بھی بنتی ہے، مظفر خان

مہم کے تحت شہر کی مرکزی شاہراہوں، بازاروں، گلیوں اور نالیوں سے کچرا اٹھانے کا سلسلہ جاری ہے، میئر

اوستہ محمد (اے این این) میئر میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میر مظفر خان جمالی کی خصوصی ہدایات پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن بابو سکندر علی تنیو کی نگرانی میں شہر بھر میں خصوصی صفائی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ صفائی مہم کے تحت شہر کی مرکزی شاہراہوں، بازاروں، گلیوں اور نالیوں سے کچرا اٹھانے اور صفائی ستھرائی کے کام کا سلسلہ جاری ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن بابو سکندر علی تنیو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین ماہ سے بجٹ کی عدم دستیابی جبکہ ایک ماہ تک میونسپل کارپوریشن کے عملے کے احتجاج کے باعث شہر میں صفائی کا نظام متاثر رہا، جس کے باعث مختلف علاقوں میں کچرے کے ڈھیر لگ گئے اور نالیوں میں گندگی جمع ہو گئی تھی۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر شہر کی صفائی کو ترجیحی بنیادوں پر بحال کرنے کیلئے خصوصی مہم شروع کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی مہم کے پہلے مرحلے میں شہر کی اہم اور مرکزی شاہراہوں، بازاروں اور عوامی مقامات کی صفائی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جبکہ دوسرے مرحلے میں میونسپل کارپوریشن کے تمام وارڈز، گلی محلوں اور نالیوں کی صفائی کا عمل مکمل کیا جائے گا۔

چاغی، پی ٹی سی ایل سسٹم کی تباہی کے بعد ضلع بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل، صارفین شدید مشکلات کا شکار

چاغی (یو این اے) چاغی کے علاقے پدک میں پی ٹی سی ایل کے مواصلاتی نظام کو نقصان پہنچنے کے بعد دالبندین سمیت ضلع بھر میں مواصلاتی اور انٹرنیٹ سروسز چوتھے روز بھی مکمل طور پر معطل ہیں، جس کے باعث عام شہریوں اور کاروباری طبقے کو شدید ترین مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے پدک کے مقام پر پی ٹی سی ایل کے سسٹم کو دھماکے کا نشانہ بنا کر شدید نقصان پہنچایا تھا، جس کے نتیجے میں دالبندین اور گردونواح میں یوفون، ڈی ایس ایل، فائبر آپٹک اور لینڈ لائن سروسز معطل ہو کر رہ گئی ہیں۔ مواصلاتی نظام کی طویل بندش کے باعث شہریوں کا بیرونی دنیا سے رابطہ منقطع ہو چکا ہے، جبکہ انٹرنیٹ کی غیر موجودگی کی وجہ سے روزمرہ کے معمولات زندگی اور کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہوئی ہیں۔ پی ٹی سی ایل کے مقامی حکام کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ متاثرہ سسٹم کی مرمت اور بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کوششیں جاری ہیں۔

پاکستان کول مائنز مزدور یونین کے انتخابات 9 اکتوبر کو منعقد ہوں گے

نو منتخب کابینہ جمہوری طریقے سے مائنز ورکرز کی فلاح و بہبود کیلئے جدوجہد کرے گی، الیکشن کمیٹی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان کول مائنز مزدور یونین کے انتخابات 9 اکتوبر کو منعقد ہوں گے۔ تین رکنی الیکشن کمیٹی کی زیر نگرانی منعقد ہونے والے انتخابات میں 2026-2028 کیلئے کابینہ منتخب کی جائے گی۔ الیکشن کمیٹی شیڈول اور قواعد و ضوابط کے مطابق انتخابات کا انعقاد یقینی بنائے گی۔ ووٹنگ کوئٹہ میں ہوگی، علاوہ ازیں حسب ضرورت پولنگ بوتھ مختلف مقامات پر بھی بنائے جا سکتے ہیں۔ انتخابات میں حصہ لینے والے امیدوار ایک ہزار روپے فیس کیساتھ ایک سیٹ پر کاغذات نامزدگی جمع کرائیں گے، فیس ناقابل واپسی ہوگی۔ تمام امیدوار اور پینل وائز الیکشن لڑنے کے پابند ہوں گے۔ الیکشن میں مقابلہ نہ ہونے کی صورت میں تین رکنی الیکشن کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ امیدواروں کو بلا مقابلہ منتخب قرار دیں۔ الیکشن کمیٹی کی جانب سے پاکستان کول مائنز مزدور یونین کے تمام ورکرز کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ بھرپور طریقے سے انتخابات میں حصہ لے کر اپنا جمہوری حق رائے دہی استعمال کرتے ہوئے نئی کابینہ منتخب کریں تاکہ نومنتخب کابینہ جمہوری طریقے سے مزدوروں کے مسائل حل کرا سکیں اور مائنز ورکرز کی فلاح و بہبود کیلئے جدوجہد کر سکے۔

افغانستان سے دہشتگردی پاکستان کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے، سپیکر قومی اسمبلی

پاکستان کا خطے میں امن کیلئے کردار قابل ستائش ہے، یورپی یونین پاکستان کے ساتھ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، وفد کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے یورپی پارلیمنٹ کی رکن ماریہ خان کی قیادت میں یورپی یونین کے ایک اعلیٰ سطحی پارلیمانی وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلقات، علاقائی و عالمی امور، دہشت گردی کے چیلنجز، موسمیاتی تبدیلیوں اور اقلیتوں کے حقوق سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اس موقع پر دونوں طرف کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے پاک۔یورپی یونین پارلیمانی فرینڈشپ گروپ قائم کرنے کی اہم تجویز پیش کی، جسے مہمان وفد نے سراہا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے رکن ممالک کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے دونوں خطوں کے مابین تجربات اور معلومات کے تبادلے کے لیے پاک۔یورپی یونین پارلیمانی فرینڈشپ گروپ

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان پولیس کو 865 موٹر سائیکلوں کی فراہمی گشت اور نظام مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

یہ اقدام جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے میں بھی یہ اقدام معاون ثابت ہوگا

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی کاوشوں کے تحت بلوچستان پولیس کو جدید پولیسنگ نظام سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے بھر میں پولیس کو 865 موٹر سائیکلیں فراہم کر دی گئیں۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے صوبے کے شہری اور دور دراز علاقوں میں پولیس گشت کا نظام مزید مؤثر ہوگا جبکہ گنجان آبادی والے علاقوں میں پولیس کی فوری رسائی بھی ممکن بنائی جا سکے گی۔ موٹر سائیکلوں کے استعمال سے پولیس اہلکاروں کو کم وقت میں جائے وقوعہ تک پہنچنے میں مدد ملے گی جبکہ وقت اور ایندھن کی بھی بچت ہوگی۔ ترجمان کے مطابق "سی ٹی ڈی بلوچستان کو 298 موٹر سائیکلیں" فراہم کی گئی ہیں جبکہ "ڈسٹرکٹ پولیس کو 530 موٹر سائیکلیں" مل گئی ہیں۔ نئی موٹر سائیکلیں فوری رسپانس، گشت اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ بلوچستان پولیس کے مطابق دشوار گزار اور تنگ علاقوں میں پولیس کی رسائی بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ جرائم کے سدباب اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے میں بھی یہ اقدام معاون ثابت ہوگا۔

کوئٹہ، فرائض میں غفلت پر کارروائی، سیکرٹری ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ای پی اے بی کو معطل کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) سیکرٹری محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی نے بی ای پی اے کے جائزہ اجلاس کے دوران ضلعی افسران کی لائیو لوکیشن اور جائے تعیناتی کی تصدیق کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر EPA سب آفس سبی عبدالحق کو اپنی جائے تعیناتی پر موجود نہ پائے جانے پر فوری طور پر 90 روز کے لیے معطل کرنے کا حکم دیا۔ سیکرٹری نے متعلقہ افسر کے خلاف BEDA Act کے تحت باقاعدہ محکمانہ کارروائی شروع کرنے کی بھی ہدایت کی اور واضح کیا کہ تمام افسران اپنی مقررہ جائے تعیناتی پر موجود رہ کر فرائض انجام دیں، جبکہ ڈیوٹی میں غفلت یا غیر مجاز عدم موجودگی پر سخت کارروائی کی جائے گی۔

جامعہ تربت کا نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنے کا عزم

پرو وائس چانسلر کا سٹی کیمپس میں آئی ٹی کورسز کی کلاسز کا دورہ، طلبہ کی کارکردگی اور جدید تدریسی و تربیتی سہولیات کا جائزہ

تربت (اے این این) جامعہ تربت کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے سٹی کیمپس میں جامعہ تربت کے زیر اہتمام جاری آرٹیفیشل انٹیلیجنس، ڈیجیٹل فوٹوگرافی اور دیگر آئی ٹی و پیشہ ورانہ کورسز کی کلاسز کا تفصیلی دورہ کیا اور طلبہ کے لرننگ آؤٹ کم اور تربیتی معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رجسٹرار گنگزار بلوچ، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد اور شعبہ قانون کے سربراہ محمود امیر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کا بنیادی مقصد ڈیجیٹل تربیتی معیار، طلبہ کی حاضری اور عملی سرگرمیوں کی سہولیات کا براہ راست جائزہ لینا تھا۔ اس دوران پرو وائس چانسلر نے مختلف کمپیوٹر لیبز اور کلاس رومز کا معائنہ کیا اور کورس انسٹرکٹرز اور طلبہ سے براہ راست گفتگو کرتے ہوئے کورسز کے معیار، کمپیوٹر لیبز، سافٹ ویئرز، تربیتی طریقہ کار اور انٹرنیٹ کی سہولیات پر تفصیلی فیڈ بیک حاصل کیا، جس پر انہوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر کمال احمد نے کہا کہ موجودہ دور میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور آئی ٹی کی مہارتیں حاصل کرنا نوجوانوں کے محفوظ اور کامیاب مستقبل کے لیے ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹل مہارتیں حاصل کرنے میں طلبہ کی لگن کو سراہتے ہوئے کہا کہ جامعہ تربت، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی قیادت میں خطے کے نوجوانوں کو جدید ترین ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے سابق ضلعی چیئرمین خاران صغیر یادینی ملاقات کر رہے ہیں

دینی مدارس قومی سیاست میں اعتدال کی مضبوط آواز ہے، حافظ محمد صدیق

چمن (یو این اے) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنما حافظ محمد صدیق مدنی، مولوی فضل الباری، حافظ محمد ادریس فاروقی، حافظ حضرت علی، ملا نصرالدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام اور دینی مدارس قومی سیاست میں اعتدال کی مضبوط آواز ہے اور جمعیت علماء اسلام کی سیاسی خدمات کا ایک اہم پہلو دینی مدارس، علماء اور مذہبی طبقے کو قومی سیاست کے پرامن اور آئینی دھارے میں فعال رکھنا ہے۔ پاکستان جیسے نظریاتی اور مذہبی معاشرے میں یہ ایک بڑی ذمہ داری ہے کہ دینی طبقات اپنے مسائل اور مطالبات کو طاقت اور تصادم کے بجائے سیاسی، قانونی اور پارلیمانی ذرائع سے پیش کریں۔ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا ہے کہ مدارس ملک کے تعلیمی اور دینی نظام کا اہم حصہ ہیں اور ان کے ساتھ اعتماد، مشاورت اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے معاملات طے کیے جانے چاہئیں۔ دینی مدارس کے نصاب، انتظامی امور اور مالیاتی معاملات کے حوالے سے ریاست اور مدارس کے درمیان مکالمے کو جماعت نے ہمیشہ ترجیح دی ہے۔

نصیرآباد: کمشنر صلاح الدین نورزئی محکمہ مواصلات و تعمیرات روڈز کے جاری ترقیاتی منصوبوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تاجر برادری مزید نقصان برداشت کرنے کی پوزیشن میں نہیں، انجمن تاجران پنجگور

مسلسل مالی نقصان نے تاجر برادری کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے

پنجگور (یو این اے) انجمن تاجران پنجگور نے کہا ہے کہ بڑی تعداد میں تاجروں نے انجمن تاجران پنجگور کے صدر سے ملاقات کر کے کوئٹہ پنجگور روٹ پر تاجروں کو درپیش مسلسل سنگین صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انجمن تاجران کے مطابق گزشتہ دو روز پہلے منگوچر کے علاقے میں پنجگور تاجر برادری کے آنے والے لدے ہوئے ٹرک مسلح افراد اپنے ساتھ لے گئے، جنہیں آج دوپہر 13 لاکھ روپے کی ادائیگی کے بعد چھوڑ دیا گیا۔ بار بار تاجروں کے ٹرک اور سامان روکے جانے، بھاری رقوم کے مطالبات اور مسلسل مالی نقصان نے تاجر برادری کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ تاجر اب مزید اس نقصان کا بوجھ اٹھانے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ اسی صورتحال کے پیش نظر پنجگور تاجر برادری نے فیصلہ کیا ہے کہ اب مزید راشن کی ترسیل نہیں کی جائے گی، جس میں آٹا، چاول اور دیگر اشیائے خورد و نوش شامل ہیں۔ واضح کیا کہ تاجر برادری کسی سے تصادم نہیں چاہتی اور نہ ہی کسی غیر قانونی اقدام کا حصہ بننا چاہتی ہے، لیکن اگر اپنے کاروبار، سرمایہ اور جان و مال کا تحفظ ممکن نہیں تو تاجر برادری کے پاس اپنے کاروبار اور راشن کی ترسیل روکنے کے سوا کوئی راستہ باقی نہیں رہتا۔

بلوچستان میڈیا فورم نے 10 نکاتی مطالبات پیش کر دیئے

صحافیوں کے بچوں کیلئے سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ مختص کیا جائے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ/سبی (اے این این) بلوچستان میڈیا فورم نے صحافیوں کے تحفظ، آزادی صحافت، معاشی و سماجی مسائل کے حل اور میڈیا سے وابستہ افراد کی فلاح و بہبود کے لیے 10 نکاتی مطالبات پیش کرتے ہوئے حکومت سے فوری عملی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی ترجمان کے مطابق فورم کے پہلے مرکزی سیشن منعقدہ 13 ستمبر کوئٹہ میں متفقہ طور پر دس نکات پر مشتمل مطالبات منظور کیے گئے، جو فورم کی جدوجہد کی بنیاد ہوں گے۔ دس نکاتی مطالبات میں کہا گیا ہے کہ میڈیا پرسنز کے تحفظ اور آزادی صحافت کا دفاع یقینی بنایا جائے جبکہ بلوچستان کے لوکل پریس کلبوں کی بقا اور فعالیت کے لیے مؤثر حکومتی سرپرستی اور مالی معاونت فراہم کی جائے۔ فورم نے مطالبہ کیا کہ شعراء، ادیبوں اور مصنفین کی سرکاری سطح پر سرپرستی کی جائے، جبکہ صحافیوں کے بچوں کو حکومتی سطح پر اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ اسی طرح بلوچستان بھر میں کام کرنے والے نامہ نگاروں کے لیے سرکاری ماہانہ وظیفہ مقرر کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مطالبات میں دیہی علاقوں کے ٹی وی چینلز سے وابستہ کارکنوں کو مستقل کرنے کی ضمانت، صحافیوں کے بچوں کے لیے ہر ضلع میں سرکاری ملازمتوں کا کوٹہ مقرر کرنے اور بلوچستان بھر میں نامہ نگاروں، چینل رپورٹرز اور صحافیوں کے خلاف قائم مقدمات کے خاتمے کا مطالبہ بھی شامل ہے۔

ٹیکس دہندگان کیلئے ٹیکس نظام کو شفاف اور سہل بنایا جا رہا ہے، چیئرمین ایف بی آر

مسائل کے فوری حل، پالیسی سازی میں تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مؤثر بنایا جائیگا، راشد محمود لنگڑیال سے لاہور ٹیکس بار کے وفد کی ملاقات، مسائل کے حل کیلئے تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے کہ ٹیکس دہندگان کیلئے ٹیکس نظام کو مزید آسان، شفاف اور سہل بنایا جا رہا ہے، اس مقصد کیلئے ڈیجیٹل سہولیات کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، ٹیکس امور سے متعلق مسائل کے فوری حل اور پالیسی سازی میں ٹیکس پریکٹیشنرز سمیت تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے گا، ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹیکس انتظامی نظام میں بہتری لانا ایف بی آر کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر راناثاقب منیر اور جنرل سیکرٹری فاروق گجر کی قیادت میں ملاقات کرنے والے عہدیداران کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ممبر آپریشنز ایف بی آر، چیف ڈومین پی آر اے ایل (پرال)، لاہور کے چیف کمشنرز ایل ٹی او، سی ٹی او اور آر ٹی او ون اور آر ٹی او ٹو سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ٹیکس دہندگان، ٹیکس پریکٹیشنرز اور ایف بی آر کے فیلڈ فارمیشنز سے متعلق

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری ٹراما سینٹر کوئٹہ اسپنی روڈ کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول میں ماحولیاتی مباحثہ مقابلے کا انعقاد، طلبا کی بھرپور شرکت

موسمیاتی تبدیلیوں اور آلودگی جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوان نسل میں شعور اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، اساتذہ

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ میں طلبا کے درمیان ماحولیاتی مباحثہ مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طلبا میں ماحول کی اہمیت، اس کے تحفظ اور بڑھتے ہوئے ماحولیاتی مسائل کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ مقابلے میں طلبا نے مختلف ماحولیاتی موضوعات پر اپنے خیالات، دلائل اور تجاویز پیش کیں۔ مباحثے کے دوران طلبا نے ماحولیاتی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، درختوں کی کٹائی، پانی کی کمی، صاف ستھرے ماحول اور قدرتی وسائل کے تحفظ سمیت مختلف اہم موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ طلبا نے بھرپور تیاری کے ساتھ اپنے دلائل پیش کیے، جس سے ان کی علمی قابلیت، تنقیدی سوچ، تحقیق اور اظہار خیال کی صلاحیتیں نمایاں ہوئیں۔ اس موقع پر گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کے تخلیقی تعلیمی سرگرمی کے فوکل پرسن حیدر علی، ڈپٹی فوکل پرسن عبدالغفار اور ممبر محمد اکبر نے طلبا کی رہنمائی کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبا میں خود اعتمادی، قائدانہ صلاحیت، ٹیم ورک اور مسائل کا تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرتی ہیں۔ اسکول انتظامیہ کے مطابق ماحولیاتی مسائل موجودہ دور کے اہم چیلنجز میں شامل ہیں۔

چمن بارڈر پر عوام کا معاشی استحصال قبول نہیں، مظلوم تحریک

بارڈر پر مخصوص طبقے کو نوازنے اور غریبوں کو بے روزگار کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، اسلم اچکزئی

کوئٹہ (اے این این) مظلوم عوامی تحریک پاکستان بلوچستان کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی اور پارٹی کے دیگر رہنماؤں نے چمن پاک افغان بارڈر کی موجودہ صورتحال اور سیکورٹی اہلکاروں کے مبینہ رویے پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارڈر پر عام اور غریب عوام کا معاشی استحصال کیا جا رہا ہے، جبکہ مخصوص افراد کو تجارت اور کاروبار کے مواقع فراہم کر کے مقامی محنت کشوں اور چھوٹے تاجروں کو روزگار سے محروم کیا جا رہا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ چمن پاک افغان بارڈر کے مختلف مقامات پر مخصوص اور منظور نظر افراد کو تجارت و کاروبار کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے، جبکہ دوسری جانب روزانہ اجرت پر کام کرنے والے محنت کشوں، مقامی غریب عوام اور عام تاجروں کیلئے روزگار کے راستے محدود کر دیے گئے ہیں۔ اس مبینہ غیر منصفانہ طرز عمل کے باعث علاقے میں بے روزگاری، معاشی مشکلات اور بے چینی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اسلم اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ چمن سمیت سرحدی علاقوں کی معیشت کا براہ راست تعلق مقامی آبادی کے روزگار اور معاشی بقا سے ہے، اس لیے سرحدی تجارت اور کاروباری سرگرمیوں کو چند مخصوص افراد تک محدود کرنا مقامی عوام کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام مقامی تاجروں، محنت کشوں اور غریب عوام کو بلا امتیاز روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

ڈی ای او اوستہ محمد کا ماڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک دورہ

اوستہ محمد (یو این اے) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوستہ محمد شبیر احمد لاکھو نے ماڈل سکول باغ ٹیل کا اچانک انتظامی دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکول کی تعلیمی و انتظامی صورتحال، کلسٹر کے سامان، سکول بلڈنگ اور کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا اور دستیاب تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اوستہ محمد سید صدر علی شاہ اور کلسٹر فوکل پرسن سلطان احمد جندرانی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سکول کے ہیڈ انچارج عبدالرؤف راہوجہ نے ڈی ای او شبیر احمد لاکھو کو سکول کے مجموعی انتظامی و تعلیمی امور، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سکول کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

کوئٹہ، بی این پی کے مرکزی رہنماں کا ماہ بت کاکا کے بھائی کے انتقال پر تعزیت

کا اظہار موسیٰ خان بلوچ اور غلام نبی مری نے نواں کلی جا کر سوگوار خاندان سے فاتحہ خوانی کی، مرحوم کے درجات کی بلندی کی دعا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ خان بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری اور دیگر رہنماؤں نے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ماہ بت کاکا کے بھائی حاجی محمد جعفر کاکڑ کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے نواں کلی میں ان کی رہائش گاہ پر پہنچ کر اہل خانہ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر بی این پی رہنماؤں نے حاجی محمد جعفر کاکڑ کے انتقال پر ماہ بت کاکا اور دیگر سوگوار اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے لیے مغفرت، درجات بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔ موسیٰ خان بلوچ اور غلام نبی مری نے کہا کہ کسی عزیز کے انتقال کا صدمہ اہل خانہ کے لیے انتہائی تکلیف دہ ہوتا ہے۔ انہوں نے مرحوم کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہونے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

حیدر اچکزئی کو یوتھ کوآرڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا ناانصافی ہوگی، اکبر علی چنہ

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، حیدر خان اچکزئی کو یوتھ کوآرڈینیٹر کے منصب سے ہٹانا بلوچستان کے نوجوانوں اور پارٹی کے مخلص کارکنوں کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ نصیرآباد ڈویژن کے جوائنٹ سیکرٹری اکبر علی چنہ ضلع اوستہ محمد کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مشتاق احمد بوہڑ اور بانی رکن طاہر نعمانی نے یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ کے نظریاتی اور مخلص کارکنوں کو دیوار سے لگانے کی مبینہ کوششیں تشویشناک ہیں، جن کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ پارٹی کارکنان نے ہمیشہ مسلم لیگ کے لیے مشکل حالات میں جدوجہد کی ہے، اس لیے ان کی خدمات اور قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان اچکزئی پارٹی کے مخلص اور نظریاتی کارکن ہیں۔

ڈیرہ اللہ یار، صحافی جمعہ خان پر تشدد کی شدید مذمت، بلوچستان میڈیا فورم کا فوری گرفتاری اور انصاف کا مطالبہ

آزادی صحافت پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں، آئی جی پولیس اور وزیراعلیٰ بلوچستان نوٹس لیں، مرکزی قیادت

سبی (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کی مرکزی قیادت نے ڈیرہ اللہ یار سے تعلق رکھنے والے صحافی جمعہ خان پر تشدد کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام آئی جی پولیس بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور تشدد میں ملوث افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا کہ صحافی جمعہ خان پر تشدد نہ صرف ایک صحافی پر حملہ ہے بلکہ آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کو متاثر کرنے کی کوشش بھی ہے۔ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل، ناانصافیوں اور دیگر اہم معاملات کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت اور متعلقہ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو فرائض کی انجام دہی کے دوران ہراساں، تشدد یا دباؤ کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔

اوتھل، ڈام کے کھلے سمندر میں گجو وارنیٹ کے استعمال سے سمندری حیات کو شدید خطرات، عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ

باریک جال کے استعمال سے چھوٹی مچھلیوں کی نسل کشی جاری، محکمہ فشریز کے مبینہ کردار پر سوالات، وزیراعلیٰ بلوچستان سے ایکشن کی اپیل

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ کے ساحلی علاقوں، بالخصوص ڈام کے کھلے سمندر میں گجو وارنیٹ کے مبینہ آزادانہ استعمال کے باعث سمندری حیات اور مچھلیوں کے ذخائر کے متاثر ہونے پر عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق گجو وارنیٹ ایسا باریک جال ہے جس میں بڑی مچھلیوں کے ساتھ ساتھ چھوٹی اور کم عمر مچھلیاں بھی پھنس جاتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اس طریقہ شکار کے مسلسل استعمال سے نہ صرف موجودہ مچھلی کے ذخائر متاثر ہو سکتے ہیں بلکہ مستقبل میں مچھلیوں کی افزائش اور مقامی ماہی گیروں کے روزگار پر بھی منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ عوامی حلقوں کا دعویٰ ہے کہ ہر سیزن میں گجو وارنیٹ کے استعمال کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور رواں سیزن میں بھی ڈام کے کھلے سمندر میں اس جال کے ذریعے بڑے پیمانے پر شکار کیے جانے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ مقامی افراد نے مطالبہ کیا ہے کہ سمندری وسائل کے تحفظ کے لیے متعلقہ حکام اس معاملے کا فوری نوٹس لیں اور گجو وارنیٹ کے استعمال سے متعلق قوانین اور پابندیوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ مقامی حلقوں نے محکمہ فشریز کے بعض افسران پر گجو وارنیٹ کے استعمال کی مبینہ چشم پوشی یا ملی بھگت سے آزادانہ گجو وارنیٹ کا استعمال جاری ہے، عوامی نمائندوں اور متعلقہ محکمہ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ان شکایات کی شفاف تحقیقات کی جائیں۔

کوئٹہ، جے یو آئی کوئٹہ کے رہنماں کا سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد اور معاون سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد ظفریار نے روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ کے نیوز ایڈیٹر اور سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید عابد بخاری ایک باکردار، ذمہ دار، شریف النفس، مخلص اور نفیس انسان ہونے کے ساتھ ساتھ صحافت کے میدان میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری اور ذمہ دارانہ صحافتی خدمات کے باعث ایک نمایاں مقام رکھتے تھے۔

وسیم شہزاد تائیکوانڈو کھیل کو جدید طرز پر ترقی دیں گے، سپورٹس آرگنائزر

سابق انٹرنیشنل کھلاڑی وسیم شہزاد اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے نیا ٹیلنٹ متعارف کرائیں گے

کوئٹہ (اے این این) سابق انٹرنیشنل تائیکوانڈو کھلاڑی وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز خوشی سے نہال ہیں۔ کھیلوں سے وابستہ شخصیات، نوجوان کھلاڑیوں، کوچز اور تائیکوانڈو کے حلقوں کی جانب وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی۔ کھیلوں کے حلقوں نے وسیم شہزاد کی نئی ذمہ داری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک سابق انٹرنیشنل کھلاڑی کی قیادت میں پنجاب میں تائیکوانڈو کے فروغ، نئے ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے مثبت پیش رفت کی توقع ہے۔ نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز نے امید ظاہر کی کہ وسیم شہزاد اپنی صلاحیتوں، تجربے اور کھیل سے وابستگی کو بروئے کار لاتے ہوئے پنجاب میں تائیکوانڈو کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ سپورٹس آرگنائزر نے کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت، مقابلوں کے انعقاد اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی و بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھانے کے لیے مؤثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔

لانگ مارچ غیر جمہوری حکومت کے خاتمے تک جاری رہے گا، محمود خان اچکزئی

آئین، پارلیمنٹ کے خلاف ووٹ دیا اور اپنے نے اپنے ہاتھ خود باندھے ہیں، بے انصافیوں سے کدورتیں بڑھتی ہیں نفرتیں جنم لیتی ہیں

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ یہ سوچنا کہ مائنس عمران خان فارمولا کامیاب ہوگا، پاکستان کے لیے انتہائی خطرناک اور بربادی کا راستہ ہے۔ لانگ مارچ غیر جمہوری حکومت کے خاتمے تک جاری رہے گا، جمہوری احتجاج عوام کا حق ہے، ملک کے کروڑوں عوام کو اپنے حق کے لیے نکلنا ہوگا، جمہوری پاکستان کی تشکیل نو کرنی ہوگی سب نے آئین کا احترام کرنا ہوگا اور آئینی فریم میں کام کرنا ہوگا، میاں نواز شریف، مولانا فضل الرحمن، آصف زرداری صاحب، پیپلز پارٹی، جماعت اسلامی، اے این پی سب نے کم سے کم نکات پر اکٹھے ہو جائیں اور اپنی افواج سے بھی کہہ دیں کہ ہم سیاسی لوگوں نے یہ فیصلہ کیا ہے اور عدلیہ اور میڈیا کو آزادی دلائیں۔ سیاسی پارٹیوں کے ووٹ سے کمزوریاں آئین میں آئیں، پارلیمنٹ کے خلاف ووٹ دیا اور اپنے نے اپنے ہاتھ خود باندھے ہیں، بے انصافیوں سے کدورتیں بڑھتی ہیں نفرتیں جنم لیتی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پسنی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مکران ڈویژن عیسیٰ خان کی ہدایت پر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے گداگری کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
DAILY SABA-Quetta
روزنامہ
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

او آئی سی مسئلہ کشمیر کو عالمی ایجنڈے پر سرفہرست رکھے

جموں وکشمیر کا تنازع تقریباً 8 دہائیوں سے حل طلب ہے اور اس کا پائیدار حل مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہی ممکن ہے، سندھ طاس معاہدہ ایک پابند بین الاقوامی معاہدہ ہے اور اس میں کسی فریق کو یکطرفہ طور پر معاہدہ معطل کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر نیویارک میں او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں وکشمیر کے وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے مطالبہ کیا کہ او آئی سی مسئلہ کشمیر پر اپنی اصولی یکجہتی کو مسلسل اور مؤثر سفارتی اقدام میں تبدیل کرے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان او آئی سی سیکرٹری جنرل، رابطہ گروپ کے ارکان، او آئی سی کے خصوصی نمائندے برائے جموں وکشمیر اور او آئی سی کی آزاد مستقل انسانی حقوق کمیٹی کی کشمیری عوام کیلئے مسلسل حمایت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام تقریباً 80 سال سے عالمی برادری کی جانب سے کیے گئے اس وعدے کی تکمیل کے منتظر ہیں کہ انہیں اقوام متحدہ کی نگرانی میں آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے گا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے بعد بھارت کی جانب سے کیے گئے اقدامات کا مقصد مقبوضہ جموں وکشمیر کی آبادیاتی، سیاسی اور ثقافتی حیثیت کو تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اور شہری آزادیوں کو محدود کیا گیا ہے جبکہ کشمیری رہنماؤں، کارکنوں، صحافیوں اور نوجوانوں کو گرفتاریوں، حراست اور سخت قوانین کے تحت کارروائیوں کا سامنا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ سیاسی تنظیموں پر پابندیاں عائد اور اختلاف رائے کو جرم قرار دیا گیا، جبکہ نئے ڈومیسائل اور اراضی قوانین، انتخابی حلقہ بندیوں میں تبدیلی، غیر کشمیریوں کے نام انتخابی فہرستوں میں شامل کرنے، املاک کی ضبطی ومسماری اور دیگر اقدامات کے ذریعے مقبوضہ علاقے کی مسلم، ثقافتی اور مذہبی شناخت کو متاثر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے میڈیا کی آزادی پر پابندیوں کا بھی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کو دباؤ، نگرانی اور حراست کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پریس کلب کو بند کیا گیا، سوشل میڈیا اکاؤنٹس بلاک کیے گئے جبکہ بین الاقوامی میڈیا اور آزاد مبصرین کو مقبوضہ جموں وکشمیر تک بلا رکاوٹ رسائی حاصل نہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ان خدشات کی بین الاقوامی سطح پر بھی نشاندہی ہوئی ہے جبکہ 16 اکتوبر 2025 کو اقوام متحدہ کے خصوصی طریقہ کار کے تحت جاری مشترکہ مراسلے میں صحافی اور انسانی حقوق کے کارکن سمیت تقریباً 2,800 افراد کی گرفتاری وحراست، گھروں کی مسماری، تقریباً 8,000 سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بندش اور کشمیریوں ومسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز بیانات اور دھمکیوں سمیت مختلف معاملات کا حوالہ دیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ مئی 2025 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی فوجی کشیدگی نے ایک بار پھر واضح کیا کہ تقریباً 8 دہائیوں سے حل طلب مسئلہ کشمیر کے باعث خطے میں امن وسلامتی کو خطرات لاحق رہتے ہیں۔

قائداعظم بے مثال شخص عظیم رہنما

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

بانی، پاکستان قائداعظم محمد علی جناح عظیم شخصیت بے مثال تھی ان جیسی شخصیتوں کا سراغ تاریخ میں کم کم ہی ملتا ہے۔ وہ ایک عظیم قائد، بے مثال رہنما فقیدالمثال دانشور تھے۔ وہ لوگوں کے دلوں پر راج کرتے تھے۔ وہ لوگوں کے ذہنوں میں بستے تھے۔ انہوں نے اپنی طلسماتی شخصیت کے سحر سے منتشر قوم کو اکٹھا کیا ایک پرچم تلے جمع کیا، متحد کیا، ایک ایسی بکھری ہوئی قوم کو جو مدتوں سے اپنا الگ تشخص کھو چکی تھی یکجا کرنا آسان کام نہ تھا مگر انہوں نے یہ بھی کر دکھایا۔ مسلمانان برصغیر نے اُن کی آواز پر لبیک کہا اور غلامی کی زنجیریں توڑنے کے لئے اُن کی رہنمائی میں چلنے کو آمادہ ہو گئے، متحد ہو گئے۔ والہانہ اُن کی طرف لپکے ایک مقصد کے لئے اکٹھے ہو گئے۔ قائداعظم محمد علی جناح نے مایوس قوم کو ایسی قیادت مہیا کی جو ولولہ انگیز تھی پُرجوش تھی، مخلص تھی جس کی کرشمہ سازیوں نے سب کو مسحور کر کے رکھ دیا۔ قائداعظم، دیانت و امانت کا پیکر تھے۔ راست باز تھے، راست گو تھے۔ خوش لباس تھے، خوش اطوار تھے، پاکباز تھے، ڈرتے نہیں تھے سوائے اللہ کے دبتے نہیں تھے سوائے حق کے۔ حق کی بات پر ڈٹ جانے والے، اصولوں پر سمجھوتہ نہ کرنے والے، پکے، سچے سیاستدان تھے۔ انہوں نے سیاست کو وقار عطاء کیا، اعتبار عطاء کیا، جو کہا وہ کیا، جو نہ کیا اُس کا ذکر بھی نہ کیا۔ وہ کامیاب و کامران تھے، قانون کی عملاً تعلیم ملک سے باہر حاصل کی۔ آزادانہ ماحول میں رہے، مگر دامن پر کوئی چھینٹ نہ پڑنے دی۔ کردار پر کوئی حرف نہ آنے دیا، گفتار سے کسی کو گھائل نہ کیا، نرم دم گفتگو، گرم دم جستجو رہے! قائداعظم ایک ایسے عظیم قائد تھے جو کسی کے آگے جھکنا نہیں جانتے تھے وہ سامراج اور رام راج سے بیک وقت ٹکراتے، انہوں نے انگریزوں کی صدیوں کی غلامی سے نجات دلانے کی ٹھانی اور ہندوؤں کی بالادستی کے پھندے کو بھی تار تار کیا، وہ دوقومی نظریے کے علمبردار بن کر ابھرے، انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کو عظمت رفتہ کی یاد دلائی۔ ان کے دلوں کو ایک ولولہ تازہ دیا! وہ مخلص تھے، انتھک کام کرنے والے تھے۔ بظاہر فولادی مگر دردمند دل رکھنے والے، قول کے سچے، بات کے پکے، اصولوں کے پابند، اُن کا دل برصغیر کے کروڑ مسلمانوں کے ساتھ دھڑکتا تھا۔ پوری ملت مسلمہ بھی اُن کی ہر بات کو ہر اشارے کو ہر حکم کو تسلیم کرتی اور بلاچون وچرا عمل کرتی تھی اُن کا ماٹو کام، کام اور کام تھا! قائداعظم نہایت کفایت شعار بلکہ جزرس تھے، ایک ایک پائی کا حساب رکھتے، قوم کا پیسہ اپنی ذات پر خرچ کرنے کا تصور بھی نہ کرتے، عملاً تعلیم حاصل کرنے کے بعد جب ۰ میں وہ عارضی طور پر پریذیڈنسی مجسٹریٹ بمبئی مقرر ہوئے تو اس مختصر سی مدت ملازمت میں بھی اپنے دائمی نقوش ثبت کر دیے۔ انہوں نے جلد ہی اس منصب سے استعفیٰ دیکر سبکدوشی اختیار کر لی، کیونکہ کامرانی و کامیابی کی دیوی اُن کے قدم چوم رہی تھی۔ اُن کی وکالت کی پریکٹس کی جلد دھوم مچ گئی۔ انہوں نے ہزاروں، لاکھوں کمائے وہ حصول رزق حلال کے لئے عملی نمونہ تھے۔ قائداعظم نے ایک نئی اسلامی مملکت کو دنیا کے نقشے پر اُبھار کر ایسا کارنامہ انجام دیا جسے بعض عاقبت نااندیش مجذوب کی بڑ سمجھتے تھے۔ دیوانے کا خواب قرار دیتے تھے مگر اس خواب کو "پاکستان" کی صورت میں عملی تعبیر ملی تو ایک دنیا اُن کی دانشمندی کی معترف ہو گئی۔ بڑے بڑے دانشوروں، دانشمندوں اور سیاستدانوں نے اُن کی اہلیت، صلاحیت اور قابلیت کو خراج تحسین پیش کیا۔

قومیں کب تھک جاتی ہیں؟

پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین

قومیں اچانک نہیں تھکتیں۔ ان کے اعصاب پر وقت کی ایک لمبی دستک ہوتی ہے، بحرانوں کی ایک مسلسل قطار ہوتی ہے، امیدوں کے بار بار ٹوٹنے کی ایک داستان ہوتی ہے۔ پھر ایک دن قوم بظاہر معمول کی زندگی گزار رہی ہوتی ہے، مگر اس کے اندر کہیں ایک سوال جنم لے چکا ہوتا ہے کہ آخر کب تک؟ بطور مورخ جب میں تاریخ کے اوراق پلٹتا ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ بڑی سلطنتیں ہمیشہ جنگ کے میدان میں شکست کھا کر ختم نہیں ہوتیں۔ بعض اوقات ان کے اندر کا اعتماد پہلے کمزور ہوتا ہے۔ ادارے موجود رہتے ہیں، ریاست موجود رہتی ہے، شہر آباد رہتے ہیں، مگر لوگوں کے دلوں میں مستقبل کا یقین مدھم پڑنے لگتا ہے۔ شاید قومی تھکن کی اصل علامت یہی ہے۔ پاکستان کی تاریخ بھی بحرانوں سے خالی نہیں۔ قیام پاکستان کے بعد سیاسی عدم استحکام، آئینی تجربات 1958 کا مارشل لا، 1971ء کا قومی سانحہ، 1977ء کا بحران اور اس کے بعد کی سیاسی کشمکش یہ ہماری تاریخ کے محض ابواب نہیں بلکہ ہماری اجتماعی یادداشت کا حصہ ہیں۔ مورخ کے لئے سوال صرف یہ نہیں کہ کیا ہوا، سوال یہ بھی ہے کہ جو کچھ ہوا، اس نے قوم کے مزاج کو کیسے بدلا؟ 1971 نے پاکستان کے جغرافیے کو ہی نہیں بدلا، قومی اعتماد کو بھی گہرا صدمہ پہنچایا۔ بعد کے عشروں میں سیاسی عدم استحکام اور ادارہ جاتی کشمکش نے بھی معاشرے میں ایسی کیفیت پیدا کی جس میں استحکام معمول کے بجائے ایک خواہش بن گیا اور جب بے یقینی معمول بن جائے تو قوم صرف پریشان نہیں ہوتی، تھک جاتی ہے۔ آج پاکستان میں اس تھکن کے کئی مظاہر نظر آتے ہیں۔ معاشی دباؤ، مہنگائی، روزگار کے محدود مواقع اور مستقبل کے بارے میں بے یقینی نے عام آدمی کی زندگی کو مشکل بنایا ہے ستمبر 2026 کے ای پی ایس او ایس کے سروے کے مطابق صرف 24 فیصد پاکستانی سمجھتے ہیں کہ ملک درست سمت میں جا رہا ہے، جبکہ مہنگائی، بیروزگاری اور غربت بڑے عوامی خدشات میں شامل ہیں۔ لیکن اسی سروے میں یہ بھی سامنے آیا کہ مثبت سوچ 2024ء کے مقابلے میں بہتر ہوئی ہے۔ یہ اعداد ہمیں ایک اہم بات بتاتے ہیں: ہماری مشکلات حقیقی ہیں، لیکن ہماری امید بھی حقیقی ہے۔ دنیا کی تاریخ میں ایسی قوموں کی مثالیں موجود ہیں جنہوں نے تباہی کے بعد خود کو دوبارہ تعمیر کیا۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد یورپ کا بیشتر حصہ ملبے میں تبدیل ہو چکا تھا۔ جاپان نے جنگ کی تباہی کے بعد ایک نئے سفر کا آغاز کیا۔ جنوبی کوریا نے جنگ اور غربت کے بعد اپنے معاشرے کو بدل ڈالا۔ ان مثالوں کی اپنی تاریخی پیچیدگیاں ہیں، مگر ایک سبق مشترک ہے: قومیں صرف وسائل سے نہیں اٹھتیں، استحکام، اور مستقبل کے مشترکہ تصور سے اٹھتی ہیں۔ پاکستان کے پاس بھی یہ صلاحیت موجود ہے۔ ہمارے نوجوان ہماری سب سے بڑی قوت ہیں۔ ہماری جامعات میں تحقیق ہو رہی ہے، ہمارے سائنس دان عالمی سطح پر اپنا مقام بنا رہے ہیں، ہمارے کاروباری نوجوان نئی منڈیاں تلاش کر رہے ہیں، ہماری بیرون ملک پاکستانی برادری ملک سے اپنا تعلق قائم رکھے ہوئے ہے۔ مشکلات کے باوجود پاکستانی معاشرہ ہر روز نئی زندگی پیدا کرتا ہے۔ یہ بھی ہماری تاریخ کا حصہ ہے۔ یہاں ایک اہم فرق سمجھنا ہوگا، مایوسی اور تھکن ایک چیز نہیں۔ مایوس انسان امید چھوڑ دیتا ہے۔ تھکا ہوا انسان امید رکھتا ہے، مگر اسے دلیل اور ثبوت چاہیے۔ پاکستانی معاشرہ شاید اسی مقام پر کھڑا ہے۔ لوگ اب بھی اپنے بچوں کو تعلیم دلاتے ہیں، کاروبار کرتے ہیں، گھر بناتے ہیں، مشکلات میں ایک دوسرے کا سہارا بنتے ہیں اور ہر بحران کے بعد زندگی کو نئے سرے سے ترتیب دیتے ہیں۔ یہ کسی شکست خوردہ قوم کی علامات نہیں۔ یہ ایک ایسی قوم کی نشانیاں ہیں جو مشکلات سے لڑتے لڑتے تھک ضرور گئی ہے، مگر جس کے اندر آگے بڑھنے کی خواہش اب بھی زندہ ہے۔ تو پھر سوال یہ ہے کہ اس تھکن کا علاج کیا ہے؟ اس کا جواب کسی ایک حکومت، کسی ایک سیاسی جماعت یا کسی ایک ادارے کے پاس نہیں۔ قوموں کو محض نئے وعدوں کی نہیں، قابل اعتبار راستے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ریاست کو تسلسل چاہیے، سیاست کو برداشت، اداروں کو قانون کی بالادستی، معیشت کو پائیدار سمت اور معاشرے کو اختلاف کے باوجود ایک دوسرے کو سننے کا حوصلہ اور سب سے بڑھ کر ہمیں اپنی نوجوان نسل پر اعتماد کرنا ہوگا۔ بطور استاد مجھے پاکستان کے مستقبل کے بارے میں سب سے زیادہ اُمید اسی نوجوان نسل سے ہے۔ میں روز دیکھتا ہوں کہ ہمارے نوجوان سوال کرتے ہیں، سیکھتے ہیں، دنیا سے مقابلہ کرنا چاہتے ہیں اور نئی راہیں تلاش کرتے ہیں۔ ان میں صلاحیت کی کمی نہیں؛ انہیں صرف ایسا ماحول درکار ہے جہاں محنت کا صلہ، میرٹ کی قدر اور مستقبل کا راستہ واضح ہو۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ قومیں صرف حکومتوں سے نہیں بنتیں۔ قومیں اساتذہ، طلبہ، محنت کشوں، کاروباری افراد، سائنس دانوں، کسانوں اور عام شہریوں کے روزمرہ کردار سے بنتی ہیں۔ اسی لئے پاکستان کے بارے میں میری آخری بات مایوسی کی نہیں، امید کی ہے۔ ہم نے مشکل وقت دیکھے ہیں، لیکن ہر مشکل وقت کے بعد زندگی نے اپنا راستہ بنایا ہے۔ ہم نے شکستیں دیکھی ہیں، مگر کامیابیاں بھی حاصل کی ہیں۔ ہم نے بحران دیکھے ہیں، مگر ہر بحران میں ایسے لوگ بھی سامنے آئے جنہوں نے امید کو زندہ رکھا۔ ہمیں آج بھی اسی امید کی ضرورت ہے۔ اگر ہم اپنی تاریخ سے سبق سیکھیں، اپنی غلطیوں کو تسلیم کریں، اپنے اداروں کو مضبوط کریں، نوجوانوں پر اعتماد کریں اور اختلاف کو دشمنی کے بجائے مکالمے میں بدل دیں تو یہی تھکی ہوئی قوم ایک نئی توانائی کے ساتھ آگے بڑھ سکتی ہے۔ تاریخ کا حسن یہی ہے کہ وہ ہمیں صرف ماضی نہیں دکھاتی، مستقبل کے امکانات بھی دکھاتی ہے اور پاکستان کی تاریخ کا مطالعہ مجھے یہ یقین دیتا ہے کہ ہماری داستان ابھی مکمل نہیں ہوئی۔ ہم تھکے ہوئے ضرور ہیں، لیکن شکست خوردہ نہیں۔ ہمیں صرف آرام نہیں، ایک واضح سمت چاہیے اور سمت مل جائے تو یہ قوم پھر بہت دور تک چل سکتی ہے۔

سیاست کو پنجابی فلم نہ بنائیں

نسیم شاہد

پاکستانی سیاست پر آج کل پنجابی فلم کا گمان ہو رہا ہے، بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا اُس پر پنجابی فلم کا رنگ چڑھ گیا، پنجابی فلم بھی سلطان راہی اور مصطفےٰ قریشی کے زمانے والی، جس میں مولے نوں مولا نہ مارے تو مولا نہیں مردا اور نواں آیاں اے سوہنیا، جیسے بڑھک مار ڈائیلاگ بولے جاتے ہیں۔ تحریک انصاف کے ایک رہنما جنید اکبر نے تو اسلام آباد کو سومنات بنانے کی بڑھک بھی ماردی ہے۔ پتہ نہیں موصوف کو اس کا مطلب بھی معلوم ہے یا نہیں۔ دونوں طرف ہے آگ برابر لگی ہوئی۔ وزراء بھی ٹنگاں توڑ دیاں گے، ساڈے پنڈ ول اَکھ کیتا تے، جیسے مکالمے بول رہے ہیں۔ ارے بھائیو! ذرا دھیمے چلو، کچھ بھی نہیں ہونا، بات ایسی فتح وشکست کی طرف نہیں جا رہی جس میں سب کچھ تہس نہس ہو جاتا ہے۔ کوئی بھی جرأت مندانہ اقدام دونوں طرف سے ہونے والی اس آگ پر پانی ڈال سکتا ہے۔ بس شرط یہ ہے کہ معاملے کو سلجھانے کی کوشش کی جائے۔ سیاست کو سیاست کی طرح ڈیل کریں گے تو سیاسی حل بھی نکل آئے گا۔ یہ عوام تو بے چارے معصوم ہوتے ہیں لائی لگ ہیں، انہیں جوش نہ دلائیں ورنہ یہ ہوش کھو بیٹھتے ہیں۔ پاکستان کی 79 سالہ تاریخ بتاتی ہے کہ عوام کو کس بری طرح سے اس سیاست کا ایندھن بنا کر مروایا گیا ہے۔ میں تو اپنی زندگی میں ان جیتی آنکھوں سے دیکھ چکا ہوں، کیسے کیسے عوام کو اشتعال دلا کر موت کے منہ میں دھکیلا گیا۔ نتیجہ سوائے خوابوں کے ریزہ ریزہ ہونے کے کچھ بھی نہیں نکلا۔ دھوکے کسی اور نے نہیں، سیاستدانوں نے دیئے۔ منزل سے پہلے گاڑی سے اتر گئے، غریبوں کے بچے مرے اور سیاستدان پھر کسی نئی منزل کی تلاش میں سرگرداں ہو گئے۔ اے ساکنان پاکستان، آج جو اقتدار میں ہیں، کیا انہوں نے اقتدار کے لئے پچھلی کئی دہائیوں میں یہ کھیل نہیں کھیلا، جو آج باہم شیر وشکر ہیں، انہوں نے تحریکوں میں معصوم جانیں نہیں لیں، کس مقصد کے لئے، کس آدرش کے لئے۔ اقتدار میں آنے کے بعد سارے وعدے، سارے انقلابی دعوے بھلانے والے شرمندہ ہوئے نہ انہوں نے عوام سے معذرت کی۔ بس یہ نعرے ضرور لگتے رہے، فلاں نوجوان کے خون سے انقلاب آئے گا۔ انقلاب تو کہاں آنا تھا، آنکھوں سے ہی اوجھل ہو گیا، بس یہ ایک سوال تھا جو باقی رہ گیا، لہو گرمانے کے اور بھی کئی راستے ہو سکتے ہیں، تاہم ہمارے ہاں۔ کٹ مریں گے، ٹوٹ پڑیں گے، جیسے نعرے لگائے جاتے ہیں۔ ویسے بھی ہم نے سیاست کو سیاست رہنے ہی کب دیا ہے۔ سیاست تو یہ سکھاتی ہے جب لوگ کچھ کہیں تو ان کی آواز سنی جائے۔ یہ ضروری نہ سمجھا جائے کہ وہ راستہ روکیں گے، دھرنا دیں گے، لانگ مارچ کریں گے تو سوچیں گے۔ یہ ہماری حکومتوں کا بھی ایک طرح سے المیہ ہی رہا ہے کہ انہوں نے ابتداء ہی بات سننے کی بجائے فصل کے پکنے کا انتظار کیا ہے، وزیروں نے ہمیشہ یہ ڈیوٹی ہی سنبھالی ہے کہ ولن کا کردار ادا کرنا ہے۔ پتہ نہیں ان کے پاس لفظ کم ہوتے ہیں یا پھر وہ جان بوجھ کر ایسے الفاظ استعمال کرتے ہیں جو پانی سے نہیں پٹرول سے بنے ہوتے ہیں مانا جی 27 ستمبر کو کچھ نہیں ہوگا کوئی انقلاب نہیں آئے گا۔ ایک اور واقعہ ہوگا اور پھر چند ماہ، چند سال گذر جائیں گے لیکن جناب کیا ہم نے تاریخیں اکٹھی کرنے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے۔ ایک تاریخ وہ تھی ایک تاریخ اب یہ ہے۔ یہ آصف علی زرداری اور نواز شریف جیسے منجھے ہوئے سینئر سیاستدان خاموش کیوں بیٹھے ہیں۔ بولیں، آگے بڑھیں، بند سرنگ میں سے راستہ نکالیں، روشنی کا کوئی روزن دیں۔ کیا ضروری ہے کہ مصلحتوں کا شکار ہو کر وقت گذارا جائے۔ تاریخ پر تاریخ ہی تو دہرائی جا رہی ہے۔ واقعات تو وہی ہیں جو پہلے پیپلز پارٹی اور پھر مسلم لیگ (ن) کے ساتھ پیش آ چکے ہیں کوئی نہ کوئی تو حل نکل ہی آیا تھا کہ بےنظیر بھٹو بھی واپس آئی تھیں اور نواز شریف کو بھی جلاوطنی ختم کر کے پاکستان آنے کا موقع ملا تھا۔ پھر اس بار یہ حل کیوں نہیں نکل رہا، کیوں بات ایسی صورتحال کی طرف جا رہی ہے جو تکلیف دہ ہو سکتی ہے۔ کم از کم کوئی وزراء کو ہی سمجھا دے کہ بھائیو! ذرا بولنا کم کریں کیونکہ آپ کی باتوں سے اپوزیشن کو تقویت ملتی ہے، آپ جب عبرت کا نشان بنانے جیسی باتیں کرتے ہیں تو تاثر یہی جاتا ہے کہ کوئی بڑا سانحہ ہونے والا ہے۔ آپ نے انتظامات کر لئے ہیں، کافی ہے۔ انہیں بھی اپنی ساکھ بچانی ہے، وہ ان باتوں سے رک نہیں جائیں گے تھوڑی سی ترمیم کے ساتھ اسلم انصاری کا یہ شعر حسب حال ہے۔ سنجیدہ سیاسی حلقے بار بار یہ کہہ کر تھک گئے ہیں، اے حاکمان وقت، اے کار پردازان سیاست، آگے بڑھیں ڈیڈ لاک کو توڑ دیں، سیاسی حل نکالیں، یہ صورت حال تو ملک کو آگے نہیں بڑھنے دے رہی۔ دنیا میں کون سا مسئلہ ہے جس کا حل موجود نہ ہو بس ضد اور انا کو درمیان سے نکالنے کی ضرورت ہے۔ سیاست میں کچھ لو کچھ دو کی پالیسی ہی کامیاب رہتی ہے۔

کترینہ کیف کی والدہ کی زندگی کا مشن غریب بچوں کو تعلیم دینا ہے

سوزین نے یہ مشکل طرز زندگی اپنی مرضی سے دوسروں کی مدد کیلئے اختیار کیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف کی والدہ سوزین ٹرکوٹ گزشتہ کئی برسوں سے بھارت کے ایک گاؤں میں سادہ زندگی گزار کر غریب بچوں کی تعلیم کیلئے کام کر رہی ہیں۔ سوزین 2008 میں لندن چھوڑ کر تامل ناڈو منتقل ہو گئی تھیں، جہاں انہوں نے پسماندہ طبقے کے بچوں کی مدد کیلئے فلاحی ادارے ریلیف پروجیکٹس انڈیا کے تحت کام شروع کیا۔ بعدازاں 2015 میں انہوں نے ماؤنٹین ویو اسکول قائم کیا، جو ابتدا میں 30 سے بھی کم بچوں کیلئے نرسری تھا تاہم اب یہاں 300 سے زائد بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ کترینہ کیف کے مطابق ان کی والدہ ایسے علاقے میں رہتی ہیں جہاں طویل دورانیے تک بجلی اور بعض اوقات انٹرنیٹ بھی دستیاب نہیں ہوتا، جس کے باعث وہ کئی مرتبہ والدہ سے ویڈیو کال بھی نہیں کر پاتیں۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ ان کی والدہ نے یہ مشکل طرز زندگی اپنی مرضی سے دوسروں کی مدد کیلئے اختیار کیا ہے۔ کترینہ بھی اپنی والدہ کے فلاحی کاموں کی مالی معاونت کرتی ہیں جبکہ یہ ادارہ اب تامل ناڈو کے 25 دیہات میں تعلیم، خواتین کی فلاح اور صحت سمیت مختلف شعبوں میں کام کر رہا ہے۔ جہاں انہوں نے پسماندہ طبقے کے بچوں کی مدد کیلئے فلاحی ادارے ریلیف پروجیکٹس انڈیا کے تحت کام شروع کیا۔

مہنگائی نے مار دیا، ارباب اختیار رحم کریں، سینئر اداکار راشد محمود

میں پہلے ہی دل کا مریض ہوں، 4 ہارٹ اٹیک ہو چکے ہیں اور کئی ماہ سے کام بھی نہیں ملا

کراچی (این این آئی) ٹی وی اور فلم کے سینئر اداکار راشد محمود نے مہنگائی اور بے روزگاری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے عوام کی مشکلات کا ازالہ کرنے کی اپیل کی ہے۔ ایک ویڈیو بیان میں راشد محمود کا کہنا ہے کہ میں گزشتہ 5 ماہ سے جوڑوں کے درد میں مبتلا ہوں، جبکہ میں پہلے ہی دل کا مریض ہوں، 4 ہارٹ اٹیک ہو چکے ہیں اور کئی ماہ سے کام بھی نہیں ملا۔ اداکار نے کہا ہے کہ ہم نے ٹیلی ویژن کی صنعت بنائی، برصغیر کو ڈرامہ سکھایا اور آج ہم ہی بے روزگار ہیں، ہم اپنی اقدار سے جڑے ہوئے ہیں لیکن اس وقت شدید تکلیف میں ہیں اور کام سے محروم ہیں۔ راشد محمود نے کہا ہے کہ مجھے صرف اداکاری کا کام آتا ہے، مجھے صدارتی ایوارڈ بھی مل چکا ہے اور عوام نے مجھے اسٹار بنایا، جبکہ رزق اللہ تعالیٰ نے دیا، لیکن اس وقت میں بے روزگار ہوں۔ انہوں نے کہا ہے کہ مہنگائی میرے لیے ناقابل برداشت ہو گئی ہے، آج ہی گاڑی میں 4 ہزار روپے کا پیٹرول ڈلوایا ہے، جبکہ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی بہت زیادہ بڑھ چکی ہیں۔ راشد محمود نے حکومت سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عوام کی مشکلات کم کرنے کے لیے ہوتی ہے، ارباب اختیار ہمارے حال پر رحم کریں، ہم بیمار لوگ ہیں اور حکومت کے رحم و کرم پر ہیں۔ ہم نے ٹیلی ویژن کی صنعت بنائی، برصغیر کو ڈرامہ سکھایا اور آج ہم ہی بے روزگار ہیں، ہم اپنی اقدار سے جڑے ہوئے ہیں۔

میسی کے ارجنٹینا کیلئے آخری میچ کی خصوصی جرسی کی پہلی جھلک سامنے آ گئی

میسی 6 اکتوبر کو بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں سپین کے خلاف ارجنٹینا کی جانب سے آخری میچ کھیلیں گے

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹینا کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی نے قومی ٹیم کے لیے اپنی آخری پیشی سے قبل خصوصی جرسی کی پہلی جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کر دی۔ 39 سالہ اسٹار نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو اس کی تیار کردہ خصوصی ارجنٹینا شرٹ دکھاتے ہوئے لکھا، ایک آخری میچ، زندگی بھر کے لیے ایک جرسی۔ ارجنٹینا کی روایتی آسمانی اور سفید رنگوں پر مشتمل جرسی میں میسی کے الوداع کو یادگار بنانے کے لیے کئی منفرد تفصیلات شامل کی گئی ہیں۔ پشت پر میسی اور مشہور نمبر 10 سنہری رنگ میں درج ہے جبکہ نام کے اوپر ارجنٹینا کے جھنڈے پر موجود خصوصی سورج کا نشان سن آف مئی بھی موجود ہے۔ جرسی کے پچھلے حصے پر ایک مخصوص ڈیزائن بھی بنایا گیا ہے۔ میسی 6 اکتوبر کو بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں سپین کے خلاف ارجنٹینا کی جانب سے آخری میچ کھیلیں گے۔ یہ مقابلہ ان کے بین الاقوامی فٹبال سے الوداع کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے۔ میسی نے ارجنٹینا کے لیے اب تک 207 میچز میں 125 گول کیے ہیں۔ وہ بولیویا اور برکینا فاسو کے خلاف اس سے قبل ہونے والے دوستانہ میچز میں حصہ نہیں لیں گے، اس لیے سپین کے خلاف میچ ان کا 208 واں اور آخری بین الاقوامی مقابلہ ہوگا۔ میسی 6 اکتوبر کو بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں سپین کے خلاف ارجنٹینا کی جانب سے آخری میچ کھیلیں گے۔

مصری فٹبالر محمد صلاح پر 6 ماہ کیلئے ڈرائیونگ پر پابندی، ایک ہزار 44 پاؤنڈ جرمانہ

صلاح کی رینج روور 27 مارچ کو ولمزلو میں 30 میل فی گھنٹہ کی حد والی سڑک پر 36 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرتے ریکارڈ کیا

قاہرہ (آن لائن) مصر کی فٹ بال ٹیم کے کپتان اور انگلش کلب لیورپول کے سابق نامور کھلاڑی محمد صلاح پر تیز رفتاری کے مقدمے میں عدالت نے ڈرائیونگ پر 6 ماہ کی پابندی اور ایک ہزار 44 پاؤنڈ جرمانہ عائد کر دیا۔ عدالتی دستاویزات کے مطابق صلاح کی رینج روور کو 27 مارچ کو چیشائر کے علاقے ولمزلو میں 30 میل فی گھنٹہ کی حد والی سڑک پر 36 میل فی گھنٹہ (58 کلومیٹر فی گھنٹہ) کی رفتار سے سفر کرتے ہوئے اسپیڈ کیمرے نے ریکارڈ کیا۔ محمد صلاح نے پولیس کو یہ معلومات فراہم نہیں کیں کہ گاڑی اس وقت کون چلا رہا تھا۔ پولیس کی جانب سے جاری کیے گئے قانونی نوٹس کا بھی انہوں نے جواب نہیں دیا اور الزام پر اپنا مؤقف پیش نہیں کیا۔ وارنگٹن کمبائنڈ کورٹ میں سماعت کے دوران صلاح کو 6 ماہ کی ڈرائیونگ پابندی کے ساتھ مجموعی طور پر 1,044 پاؤنڈ جرمانہ ادا کرنے کا حکم دیا گیا۔ یہ واقعہ اس اعلان کے چند روز بعد پیش آیا تھا جب مصر کے کپتان نے لیورپول کے ساتھ 9 سالہ سفر ختم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ 24 مارچ کو لیورپول نے صلاح کی رخصتی کا اعلان کرتے ہوئے انہیں کلب کی تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں شمار کیا تھا۔ محمد صلاح نے لیورپول کی جانب سے 442 میچز میں 257 گول کیے۔ 2025-26 سیزن کے اختتام کے بعد وہ ترک کلب ترابزون اسپور منتقل ہو گئے۔

اے آئی سے بنا جعلی مواد خواتین کی عزت خطرے میں ڈال سکتا ہے، جنت مرزا

کسی کی اجازت کے بغیر اس طرح کا مواد تیار کرنے کے خلاف موثر کارروائی کی جائے، ٹک ٹاکر

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف ٹک ٹاکر جنت مرزا نے اپنی مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے تیار کردہ ایک ویڈیو کے خلاف آواز اٹھاتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اس نوعیت کا مواد خواتین کی عزت اور وقار کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کرتے ہوئے ٹک ٹاکر نے مطالبہ کیا ہے کہ کسی کی اجازت کے بغیر اس طرح کا مواد تیار کرنے کے خلاف موثر کارروائی کی جائے۔ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جنت مرزا کی ایک اے آئی سے تیار کردہ ویڈیو وائرل ہو رہی ہے، جس کے خلاف آواز اٹھاتے ہوئے انہوں نے خبردار بھی کر دیا۔ ویڈیو میں جنت مرزا کو ایک نامعلوم شخص کے ساتھ دکھایا گیا ہے، جبکہ پس منظر میں گانا ابھی تک تو چل رہا ہے، جنت مرزا نے انسٹاگرام اسٹوریز پر اس ویڈیو پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ مجھے اس میں کوئی مزاح نظر نہیں آیا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ یہ ویڈیو بالکل بھی مزاحیہ نہیں ہے، کسی کے چہرے کو استعمال کر کے اس طرح کی ویڈیوز بنانا انتہائی تشویشناک ہے، آج میرا چہرہ استعمال کیا گیا ہے لیکن کل کسی بھی لڑکی کا چہرہ استعمال ہو سکتا ہے اور اس کی عزت و وقار خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ جنت مرزا نے کہا ہے کہ میں سوشل میڈیا پر فعال رہتی ہوں، اس کے باوجود یہ ویڈیو دیکھ کر مجھے شدید بے چینی محسوس ہوئی، ان لڑکیوں کا تصور کریں جو سوشل میڈیا پر بالکل موجود نہیں، ان کی تصاویر بھی ایسے طریقوں سے غلط استعمال کی جا سکتی ہیں جن کے بارے میں انہیں شاید کبھی علم ہی نہ ہو۔ ٹک ٹاکر نے مصنوعی ذہانت کو ایک ٹیکنالوجی کے طور پر مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے حقیقی لوگوں کے بارے میں گمراہ کن یا نامناسب مواد تیار کرنے کے لیے استعمال کرنا حد سے تجاوز کرنے کے مترادف ہے جس پر ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔

اداکار ہمایوں سعید سلمان خان کی حمایت میں بول پڑے

ہمایوں سعید نے عمر اور وزن پر ہونے والی تنقید کے معاملے پر سلمان خان کی حمایت کر دی

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے وابستہ معروف اداکار ہمایوں سعید نے عمر اور وزن پر ہونے والی تنقید کے معاملے پر سلمان خان کی حمایت کر دی۔ بالی ووڈ اسٹار اداکار سلمان خان ان دنوں ریئلٹی شو بگ باس کے سیزن 20 کی میزبانی کر رہے ہیں، شو کامیابی سے دوسرے ہفتے میں داخل ہو چکا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ مختلف موضوعات پر بحث بھی جاری ہے۔ ابتدائی پرومو جاری ہونے کے بعد سلمان خان کو جسمانی ساخت اور عمر کے حوالے سے تنقید کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ سوشل میڈیا صارفین نے ان کی صحت سے متعلق بھی تبصرے کیے۔ رواں ہفتے ویک اینڈ کا وار میں سلمان خان نے عمر کے حوالے سے ٹرولنگ کرنے والوں کو سخت جواب دیا۔ انہوں نے اپنی شرٹ اتار کر اپنی فٹنس کا مظاہرہ کیا اور صرف یہی نہیں انہوں نے خواتین اداکاراؤں کا بھی دفاع کیا۔ سلمان خان کے اس ردعمل کو بگ باس کے گھر میں موجود شرکا کی جانب سے بھی بھرپور حمایت ملی، جبکہ بھارت اور پاکستان میں بھی ان کے بیان کو سوشل میڈیا پر خاصی پذیرائی حاصل ہوئی۔ پاکستانی اداکار ہمایوں سعید، جو خود بھی عمر کے حوالے سے ہونے والی تنقید کا سامنا کرتے رہتے ہیں، سلمان خان کے جواب سے خاصے متاثر ہوئے اور انہوں نے وائرل ویڈیو کی ریل اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کی۔ ہمایوں سعید کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو کے کیپشن میں لکھا تھا کہ بگ باس 20، سلمان خان نے 60 سال کی عمر میں سکس پیک ایبس دکھا کر ٹرولرز اور پاپارازیوں کو آڑے ہاتھوں لیا اور کترینہ کیف کے حق میں بھی مضبوط مؤقف اختیار کیا، شاندار۔

زون 6 وائٹس نے انڈر 15 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا، فائنل میں زون 2 وائٹس کو 8 وکٹوں سے شکست

آئش ملک بہترین بلے باز اور مین آف دی میچ قرار، میڈی کیم گروپ کا ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کیلئے تعاون جاری رکھنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) زون 6 وائٹس نے زون 2 وائٹس کو 8 وکٹوں سے شکست دے کر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام جج بی ٹرافی انڈر 15 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں زون 2 وائٹس پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 118 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ عاطف نے 25، محمد امام نے 22، انس آفریدی نے 23، خوزیمہ سلال نے 24 اور یونس نے 20 رنز بنائے۔ زون 6 وائٹس کے یونس، انس آفریدی اور خوزیمہ سلال نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں زون 6 وائٹس نے 2 وکٹوں کے نقصان پر 119 رنز کا ہدف حاصل کرلیا۔ آئش ملک نے 6 چوکوں کی مدد سے 48 جبکہ فیصل قربان نے 3 چوکوں کی مدد سے 37 رنز بنا کر اپنی ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے گروپ میڈیا منیجر جاوید اختر کیانی نے کہا کہ کرکٹ کے فروغ کیلئے میڈی کیم گروپ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے گا۔ آر سی اے کراچی کے سیکریٹری علی حسین نے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنے پر میڈی کیم گروپ اور جنید خلیل نینی تال والا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ جوائنٹ سیکریٹری محمد توصیف صدیقی نے ٹورنامنٹ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ کوآرڈینیٹر اعظم خان نے زون 6 وائٹس اور زون 2 وائٹس کو عمدہ کھیل پیش کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ندیم عمر کی قیادت میں کراچی میں گراس روٹ لیول پر کرکٹ کے فروغ کیلئے کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کو اسپانسر کرنے کو میڈی کیم گروپ کا قابل تحسین اقدام قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر جاوید اختر کیانی اور علی حسین نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ فاتح ٹرافی زون 6 وائٹس کے کپتان آئش ملک جبکہ رنر اپ ٹرافی زون 2 کے کپتان محمد امام نے وصول کی۔ آئش ملک کو بہترین بلے باز اور فائنل کا مین آف دی میچ جبکہ یحییٰ اسلم کو بہترین باؤلر کا ایوارڈ دیا گیا۔

مارک ووڈ کا 36 سال کی عمر میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

مارک ووڈ 2019 کی ون ڈے ورلڈ کپ اور 2022 کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ فاتح ٹیموں میں بھی شامل رہے

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے تیز رفتار فاسٹ بولر مارک ووڈ نے مسلسل انجریز سے نبرد آزما رہنے کے بعد 36 سال کی عمر میں انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مارک ووڈ نے تینوں فارمیٹس میں انگلینڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے 146 میچز میں مجموعی طور پر 253 وکٹیں حاصل کیں جن میں 38 ٹیسٹ میچز میں 119 وکٹیں بھی شامل ہیں۔ مارک ووڈ نے 2015 میں انگلینڈ کی ٹیم میں جگہ بنائی اور اسی سال ایشز سیریز جیتنے والی ٹیم کا حصہ بنے۔ وہ 2019 کی ون ڈے ورلڈ کپ اور 2022 کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ فاتح ٹیموں میں بھی شامل رہے۔ 2019 کے ورلڈ کپ میں انہوں نے 18 وکٹیں حاصل کیں جبکہ 2021-22 کی ایشز سیریز میں 17 وکٹیں لے کر انگلینڈ کے نمایاں بولر رہے۔ 2025 کی چیمپئنز ٹرافی میں گھٹنے کی انجری کے بعد ووڈ کو سرجری کرانا پڑی۔ گزشتہ ایشز کے پہلے ٹیسٹ میں واپسی کے باوجود وہ دوبارہ زخمی ہو گئے۔ مارک ووڈ نے کہا کہ مسلسل انجریز نے انہیں ذہنی طور پر تھکا دیا تھا اور اب انہیں محسوس ہوا کہ انگلینڈ سے ریٹائرمنٹ کا یہی درست وقت ہے تاہم وہ ڈرہم کے لیے ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ اور دیگر فرنچائز لیگز میں کھیل جاری رکھنے کے ساتھ براڈکاسٹنگ اور کوچنگ سے بھی وابستہ رہیں گے۔ مارک ووڈ 2019 کی ون ڈے ورلڈ کپ اور 2022 کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ فاتح ٹیموں میں بھی شامل رہے۔

عاطف اسلم کے کنسرٹ میں مداح نے موبائل فون اسٹیج پر پھینک دیا

عاطف اسلم گزشتہ برسوں کے دوران پاکستان سمیت دنیا بھر میں بھرپور پذیرائی حاصل کرنے والے گلوکاروں میں شامل ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف گلوکار عاطف اسلم کے کنسرٹ کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی، جس میں ایک مداح نے پرفارمنس کے دوران موبائل فون اسٹیج پر پھینک دیا۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ عاطف اسلم گانا گا رہے تھے کہ اچانک موبائل فون اسٹیج پر آ گرا، عاطف اسلم نے گانا روک کر فون اٹھایا، اسے دیکھا اور پھر مداحوں کی جانب بلند کر کے دکھایا۔ انہوں نے عوام سے مخاطب ہو کر کہا کہ فون ہی پھینک دیا اوپر، یہ تو ٹوٹ چکا ہوگا اب تک۔ واقعے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے کنسرٹ میں مداحوں کے رویے اور آداب پر بحث کی جا رہی ہے۔ بعض صارفین نے نشاندہی کی ہے کہ ویڈیو میں ایک اور مداح کی جانب سے سبز دوپٹہ بھی اسٹیج پر پھینکا جاتا دکھائی دے رہا ہے۔ واضح رہے کہ عاطف اسلم گزشتہ برسوں کے دوران پاکستان سمیت دنیا بھر میں بھرپور پذیرائی حاصل کرنے والے گلوکاروں میں شامل ہیں۔ انہوں نے اپنے موسیقی کے سفر کا آغاز معروف بینڈ جل سے کیا تھا، جس کے بعد کامیاب سولو کیریئر کا آغاز کیا۔ عاطف اسلم نے متعدد بالی ووڈ اور پاکستانی فلموں کے لیے بھی اپنی آواز کا جادو جگایا، جبکہ 2011 میں فلم بول کے ذریعے اداکاری کے میدان میں بھی قدم رکھا۔ بعد ازاں انہوں نے ڈرامہ سیریل سنگ ماہ سے ٹیلی وژن پر ڈیبیو کیا، جس میں کبریٰ خان اور ہانیہ عامر سمیت دیگر فنکاروں نے بھی اداکاری کے جوہر دکھائے تھے۔ عاطف اسلم گزشتہ برسوں کے دوران پاکستان سمیت دنیا بھر میں بھرپور پذیرائی حاصل کرنے والے گلوکاروں میں شامل ہیں۔

بھارتی اداکار عمران خان کی 10 سال بعد فلمی پردے پر واپسی

اگر ناظرین نے میری سابق رومانوی کامیڈی فلموں کو پسند کیا ہے تو وہ نئی فلم سے بھی یقیناً لطف اندوز ہوں گے، بھارتی اداکار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار عمران خان نے 10 سال بعد فلمی دنیا میں واپسی سے قبل اپنے مداحوں کے لیے خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔ 43 سالہ اداکار نے 2015 میں کنگنا رناوت کے ساتھ فلم کٹی بٹی میں اداکاری کے بعد اچانک فلمی دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی تاہم اب ان کے مداح ایک بار پھر اداکار کو بڑے پردے پر ایک دلچسپ اور مزاح سے بھرپور رومانوی کامیڈی فلم میں دیکھنے کے منتظر ہیں۔ عمران خان فلم دہلی بیلی کے اداکار اب ادھورے ہم، ادھورے تم کے نام سے بننے والی ایک رومانوی کامیڈی کے ذریعے فلمی دنیا میں واپسی کے لیے تیار ہیں۔ فلم کی ریلیز سے قبل عمران خان نے مداحوں کو اپنی آنے والی فلم کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے اپنی فلمی دنیا میں واپسی کی تصدیق بھی کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عمران خان نے مداحوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دانش اسلم کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم ادھورے ہم، ادھورے تم اس بات کا شعوری ردعمل ہے کہ آج کی فلموں میں بعض کہانیوں اور جذبات کی عدم موجودگی کو کس طرح محسوس کیا جا رہا ہے، ہماری فلم ایک بالغ رومانوی کامیڈی ہے۔ بھارتی اداکار نے کہا کہ اگر ناظرین نے میری سابقہ رومانوی کامیڈی فلموں کو پسند کیا ہے تو وہ اس فلم سے بھی یقیناً لطف اندوز ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ کو میری رومانوی کامیڈی فلمیں، جیسے آئی ہیٹ لو اسٹوریز، بریک کے بعد، ایک میں اور ایک تو اور میرے برادر کی دلہن پسند آئی تھیں، میری ان تمام رومانوی کامیڈی فلموں کا امتزاج آپ کو اچھا لگا تھا تو 10 سال بعد یہ فلم آپ ہی کے لیے ہے۔ عمران خان فلم دہلی بیلی کے اداکار اب ادھورے ہم، ادھورے تم کے نام سے بننے والی ایک رومانوی کامیڈی کے ذریعے فلمی دنیا میں واپسی کے لیے تیار ہیں۔ فلم کی ریلیز سے قبل عمران خان نے مداحوں کو اپنی آنے والی فلم کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے اپنی فلمی دنیا میں واپسی کی تصدیق بھی کر دی۔

بھارت کمزور ترین حریف جاپان کیخلاف ٹی ٹوئنٹی میچ میں شکست سے بال بال بچ گیا

مضبوط بیٹنگ لائن رکھنے والی بھارتی پوری اننگز میں صرف 2 چوکے ہی لگا سکی

سانو (این این آئی) بھارت کمزور ترین حریف جاپان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی میچ میں شکست سے بال بال بچ گیا۔ جاپان کے شہر سانو میں بارش کے باعث 5 اوورز فی اننگز تک محدود واحد ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ بھارتی ٹیم کو پہلے ہی اوور میں نقصان اٹھانا پڑا جب ابھیشیک شرما پہلی ہی گیند پر صفر پر آؤٹ ہو گئے۔ دوسرے اوور میں دوسرے اوپنر سنجو سیمسن بھی 9 رنز بنا کر چلتے بنے۔ مضبوط بیٹنگ لائن رکھنے والی بھارتی ٹیم نے مقررہ 5 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر بہ مشکل 32 رنز بنائے۔ حیران کن طور پر بھارتی ٹیم کی اننگز میں صرف دو چوکے لگے جبکہ جاپانی بولرز نے بھارتی بیٹرز کو ایک بھی چھکا نہیں لگانے دیا۔ کپتان شریاس ایئر 16 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ ایشان کشن 3 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ جاپان کی جانب سے چارلی ہارا ہنزے نے 2 جبکہ ابراہیم تاکاہاشی اور بینجمن اتھو ڈیوس نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ جاپان کی ٹیم مقررہ 5 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 30 رنز بنا کر ہدف کے تعاقب میں صرف 2 رنز سے ناکام رہی۔ کپتان فلیمنگ 12، ابراہیم تاکاہاشی 4 اور یماموتو ایک ایک رن بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ بینجمن اتھو ڈیوس 9 اور شرائی یاماموتو 2 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ بھارت کی جانب سے واشنگٹن سندر نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ حیران کن طور پر بھارتی ٹیم کی اننگز میں صرف دو چوکے لگے جبکہ جاپانی بولرز نے بھارتی بیٹرز کو ایک بھی چھکا نہیں لگانے دیا۔ کپتان شریاس ایئر 16 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ ایشان کشن 3 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

آئی پی ایل میں میچ فکسنگ کے تہلکہ خیز انکشافات، کھلاڑی نے اعتراف کرلیا

کرکٹر نے گزشتہ دسمبر میں رپورٹرز کو میچ فکسنگ کی سرگرمیوں اور اپنے کردار سے آگاہ کیا

نئی دہلی (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ ایک بار پھر مبینہ کرپشن کے الزامات کے باعث توجہ کا مرکز بن گئی ہے۔ بھارتی تحقیقاتی ادارے تہلکہ کی انویسٹی گیشن ٹیم کی خفیہ کیمرہ تحقیقات میں دعویٰ کیا گیا کہ آئی پی ایل 2025 کے دوران ٹیموں کی پلیئنگ الیون سے متعلق معلومات مبینہ طور پر لندن میں موجود سٹے بازوں تک پہنچائی جاتی رہیں۔ رپورٹ میں سابق فرسٹ کلاس کرکٹر رجیت بھاٹیہ کا نام سامنے آیا ہے جنہوں نے مبینہ طور پر چنئی سپر کنگز کی ٹیم سے متعلق معلومات فراہم کرنے کے عوض فی میچ 60 لاکھ روپے لینے کا اعتراف کیا۔ سابق کرکٹر نے گزشتہ دسمبر میں رپورٹرز کو میچ فکسنگ کی سرگرمیوں اور اپنے کردار سے آگاہ کیا۔ تہلکہ کے مطابق یہ معلومات اسپیچ کے ذریعے لندن میں موجود بکیز تک پہنچائی جاتی تھیں اور پانچ میچز سے مبینہ طور پر تقریباً 3 کروڑ روپے حاصل کیے گئے۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ معلومات فراہم کرنے والا کھلاڑی ایک نوجوان وکٹ کیپر بیٹر تھا جس کی شناخت بعد میں کرکٹ صحافی پرتیش بلدر نے ایکس پروفش بیدی کے طور پر کی۔ بیدی کو چنئی سپر کنگز نے آئی پی ایل 2025 کی نیلامی میں 55 لاکھ روپے میں خریدا تھا۔ تہلکہ کی رپورٹ میں بھاٹیہ کے حوالے سے 2018-19 کے سید مشتاق علی ٹرافی میں مبینہ اسپاٹ فکسنگ کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے۔ کرکٹر نے اعتراف کیا کہ سٹے بازوں سے رقم لینے کے عوض جان بوجھ کر دو گیندیں وائیڈ کرائیں۔ ایک وائیڈ گیند کے آٹھ لاکھ روپے طے ہوئے تھے جبکہ رانجی ٹرافی کی ایک ٹیم میں جگہ یقینی بنانے کے لیے رشوت دی گئی تھی۔ بعد ازاں مبینہ سرگرمیوں کا دائرہ دہلی پریمیئر لیگ تک پھیلنے کا بھی دعویٰ سامنے آیا جہاں پلیئنگ الیون کی معلومات کے عوض فی میچ 40 لاکھ روپے کی رقم کا ذکر کیا گیا۔ بی سی سی آئی نے تاحال ان الزامات پر باضابطہ ردعمل جاری نہیں کیا۔ کرکٹر نے گزشتہ دسمبر میں رپورٹرز کو میچ فکسنگ کی سرگرمیوں اور اپنے کردار سے آگاہ کیا۔

☆ بقیہ صباح 1 ☆

رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ 76 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 24 فیصد نے مخالفت کی۔ دی انسٹی ٹیوٹ آف انسائٹس اینڈ امپیکٹ کے اسٹریٹجک اسٹڈیز کی مطالعاتی رپورٹ کے مطابق 31 جولائی سے 20 ستمبر 2026 کے دوران سوشل میڈیا، آن لائن ذرائع اور دستیاب مطبوعہ رپورٹنگ سمیت مختلف ذرائع سے 98 ہزار 368 نوجوانوں کی رائے کا جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 79 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 21 فیصد نے مخالفت کی۔ خیبر پختونخوا میں 75 فیصد نے حمایت اور 25 فیصد نے مخالفت کی، جبکہ وفاقی دارالحکومت میں 74 فیصد نوجوان نے صوبوں کے قیام کے حق میں اور 26 فیصد مخالفت میں سامنے آئے۔ بلوچستان میں 71 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 29 فیصد نے مخالفت کی۔ سندھ میں حمایت کا تناسب 59 فیصد جبکہ مخالفت 41 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق آزاد جموں و کشمیر میں 36 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت اور 64 فیصد نے مخالفت کی، جبکہ گلگت بلتستان میں 41 فیصد حمایت اور 59 فیصد مخالفت ریکارڈ کی گئی۔ مطالعاتی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پنجاب کے تقریباً تمام ڈویژنز اور اضلاع میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت غالب رہی۔ سندھ میں ثقافت اور علاقائی سالمیت سے متعلق خدشات مخالف رائے میں نمایاں رہے، جبکہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مجموعی طور پر حمایتی رجحان دیکھا گیا۔ اس کے برعکس آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے مخالف موقف زیادہ غالب رہا۔

☆ بقیہ صباح 2 ☆

صوبائی اسمبلی جلال خان کے دفتر کا افتتاح کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وہ بڑی تعداد میں استقبال کرنے پر عوام کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے ان کے درمیان موجودگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور، بہادر اور غیرت مند لوگوں کی ...

...

☆ بقیہ صباح 19 ☆

ایکس پر ایک پوسٹ میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ سعودی عرب کی ترقی نہ صرف مملکت بلکہ پاکستان کے لئے قابل فخر ہے، میرے بھائی محمد بن ...

...

TENDER NOTICE

TSE-2627091197713 THE EXECUTIVE ENGINEER ROADS CW,PP&H DEPARTMENT KHUZDAR INVITES BIDS FROM ELIGIBLE BIDDERS FOR EXECUTION OF FOLLOWING WORKS FOR THE YEAR 2026 BASED ON COMPOSITE SCHEDULE OF RATES 2026 ON PERCENTAGE RATES

Tender Fee 500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Repair/Renov of BT rd from Qadeer Shaheed Chowk to BUET Khz (BSDI PHASE-III)	15,919,526

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 11,143,668 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:**Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee,Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of tender Documents**: From the date of publication of NIT to **08 October, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission**: The Tenders must be submitted latest by **08 October, 2026** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM** **Address:** Office of the Executive Engineer Roads CW,PP&H Department Khuzdar **Phone no:** 0848412243
Email: engrliaqat2015@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER ROADS CW,PP&H DEPARTMENT DISTRICT KHUZDAR

DPRQ/PRQ No.1503/23-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Balochistan Board Of intermediate & Secondary Education Quetta invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627091198491 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee 1000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	ICT Equipment(Network, surveillance devices, storage devices, Office Equipment) (Total Item(s) Count: 17)	3 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders**: 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 15,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 20,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The Bidder must have functional Corporate office in Baluchistan having PTCL V Phone & Fax no Delivery Time must agree to serve the Contract within 30 Days after Work Order Dealership/Authorization form the Manufacture/ authorized importer/Distributor/partners Bidder must submitted the Toner Sample if bidder gets Eligible after Eligibility Assessment & Before Technical Evaluation and all Sample will b checked & verified from Serial no. during Technical Evaluation ISO Certificate 9001 The bidder mist have successfully Completed at least Two (2) assignments of similar nature and complexity in each year from 2024 to 2026 the value of each assignment not less than PKR 15000000 (Rupees Fifteen Million Only) **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 08 October, 2026till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Quetta Phone no: 0819202771
Email: BBISE@bppra.gob.pk

Secretary Balochistan Board Of Intermediate & Secondary Education Quetta

DAB/AB No.368/23-9-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan